www.iqbalkalmati.blogspot.com

تاج هومیوپیتھی

ڈاکٹر ہری چند ملتانی

سیل پوائنٹ

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز

ناشران و تاجران کتب

www.iqbalkalmati.blogspot.com

تاج ہومیو پیتھی (باتصویر)

اس میں طب ہومیو پیتھی پر مکمل روشنی ڈالی گئی ہے اور سر سے پاؤں تک تمام امراض کے بالتفصیل آزمودہ مجربات درج کیے گئے ہیں جو ہزاروں روپیہ لے کر بھی کوئی نہیں بتلاتا۔ یہ ایک جامع و مستند گرنتھ ہے جس کی نظیر زمانہ ماضی و حال کے طبی لٹریچر میں نہیں ہے!

مصنف

ڈاکٹر ہری چند ملتانی گولڈ میڈلسٹ میڈیکل ریسرچ سکالر

ڈاکٹر ہر بھگت سنگھ پنچھی (ہومیو پیتھ)

باہتمام

مکتبہ دانیال، لاہور

سیل پوائنٹ

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز اردو بازار، لاہور۔ فون: 7660736

قیمت =/120 روپے

ندیم یونس پرنٹرز لاہور

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فہرست مضامین

پیش لفظ	7
دیباچہ	8
ہومیوپیتھی کیا ہے؟	14
بالمثل ادویات سے علاج	14
میٹریا میڈیکا کیا ہے؟	17
مرض کیا ہے؟	17
ہمارا فرض	21
چار چیزیں پر دھیان	22
ہومیوپیتھک علاج	25
ہومیوپیتھک ڈاکٹر	28
مدر ٹنکچر	29
پوٹینسی تیار کرنا	30
پوٹینسی کتنی بار دی جائے؟	31
پوٹینسی کے استعمال کا اصول	32
دوائی کی مقدار خوراک	32
سات اصول	33
دوائی کا اندرونی اور بیرونی	33
دوائی کا صحیح انتخاب	44
ہومیوپیتھی کس طرح پڑھنی شروع کی جائے؟	46
آرگنن	47
علامات کے تین ضروری حصے	48
دماغی و اعصابی بیماریاں	49
عصبی درد	49
سردرد	50
دماغی جھلی کا ورم	51
دماغ میں پانی اترنا	51
سکتہ	51
پٹھوں کی پھڑکن	52
تشنج	53
فالج	53
لقوہ	54
مرگی	54
پاگل پن	55
سر چکرانا	55
آنکھوں کی بیماریاں	57
…دکھنا	57
…پھوڑا	58
…ے (روہے)	58
…نجنی	58
…دھی	59

BIRMINGHAM
CITY LIBRARIES
C6000000836190 BFBA064613
BOOKS ASIA 15/10/2014
URDU 615.532 MUL £14.47
WE www.booksasia.co.uk

www.iqbalkalmati.blogspot.com

موتیا بند	59
خرابی نظر	59
کان کی بیماریاں	61
کان کا درد اور بہنا	61
کن پیڑے	62
آوازیں آنا (کان بجنا)	62
بہرہ پن	63
منہ، دانت، حلق اور ناک کی بیماریاں	64
منہ	64
دانت	66
ورم حلق	69
خناق	69
گھیگا (گلہڑ)	70
گلے پڑنا	71
زکام	71
نزلہ	73
سینے کی بیماریاں	74
کھانسی	74
کالی کھانسی	76
دمہ	77
پلوری	78
نمونیہ	78
دل کی بیماریاں	80
درد دل	80
دل دھڑکنا	81
دل کی کمزوری	82

دل ڈوبنا	83
معدہ و آنتوں کی بیماریاں	84
نفخ شکم (اپھارہ)	84
قولنج	85
جلودھر	85
کالی آنت کا ورم	86
ہچکی	87
متلی	87
قے	87
بدہضمی	88
ہیضہ	90
دست	91
قبض	92
پیچش	93
کانچ	94
بواسیر	95
چنونے	96
بھگندر (ناسور)	96
تلی، جگر، گردہ اور مثانہ کی بیماریاں	98
جگر	99
گردہ	101
مثانہ	102
ہرنیا	105
امراض مردانہ	106
جلق (مشت زنی)	106
احتلام	106

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جریان 107

سرعت 108

شادی سے پہلے و شادی کے بعد کمزوری 108

غدہ قدامیہ 109

فوطوں میں پانی بھرنا اور ورم 109

سوزاک 110

آتشک 111

امراض زنانہ 113

سیلان 113

اولاد کی آرزو 114

باؤ گولہ 115

پُر درد ایام 116

ایام بند 117

ایام زیادہ 119

حمل کی تکالیف 120

اسقاط حمل 121

دودھ کا دب جانا 122

ولادت 123

بعد ولادت ٹانگ کا سفید ورم 124

رحم کم سکڑنا 124

جلدی امراض 125

خارش، پھوڑے پھنسیاں 125

فوطوں پر خارش 126

پتی اچھلنا 127

خسرہ 127

چیچک 128

چنبل، ایگزیما 129

داد، دھدر 130

برنامہ (انگل بیڑھا) 131

بوائی پھٹنا 131

کوڑھ 132

غدودیں (گلینڈز) 132

مہاسے (کیل) 133

موہکے 133

اشن (چنڈی) 134

سرطان 134

رسولی و زخم 135

ہڈیوں کی بیماریاں 137

موٹاپا 142

بخاروں کا علاج 143

سل و دق 147

زچہ کا بخار 149

انفلوئنزا 149

پلیگ (طاعون) 150

شراب نوشی 151

بچوں کی عام بیماریاں 152

سوکھا مسان، سوکڑا 154

خوراک 155

زہریلی چیزوں کا غلط استعمال 156

بایو کیمک فارماکوپیا 158

بارہ بایو کیمک ادویات 158

چھ امدادی بایو کیمک ادویات 159

بایو کیمک ادویات کے عام نام 162

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پیش لفظ

زیر نظر کتاب "تاج ہومیو پیتھی" اضافہ شدہ ڈی لکس ایڈیشن ڈاکٹر ہر بھگت سنگھ پنچھی (ہومیو پیتھ) کی کامیاب تصنیف ہے۔ اس کتاب کے لکھنے میں بڑی محنت کی گئی ہے۔ انہوں نے پچھلے دس سال اس کتاب کو لکھنے میں لگا دیئے۔ اس کتاب میں سر سے پاؤں تک ہر مرض کے آسان و آموزدہ تجربات تحریر کئے گئے ہیں۔ یہی نہیں طب ہومیو پیتھی کی ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والوں کے لئے مضامین ہومیو پیتھی کیا ہے؟ میٹریا میڈیکا کیا ہے؟ ہومیو پیتھک طریق علاج' ہومیو پیتھک ڈاکٹر' مریض کا معائنہ وغیرہ عنوان سے اس فن کے متعلق پوری روشنی ڈالی گئی ہے اور طب ہومیو پیتھی نے اب تک جتنے منازل ترقی طے کئے ہیں اور جو جو جدید انکشافات ہوئے ہیں۔ سب کو اس کتاب میں نہایت خوبصورتی سے سمو دیا گیا ہے۔

کتاب کے آخری صفحات میں پریکٹس کو کامیاب بنانے کے لئے تجربات لکھے گئے ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ "تاج ہومیو پیتھی" ڈاکٹر پنچھی کے میدان جیون کے عمل کی روح ہے اور انہوں نے ہر چیز کو نہایت ایمانداری سے لکھا ہے۔ ان تجربات کو آزمانے کے بعد ہی ان کی محنت اور سچائی کی داد دیں گے۔ مجھے امید ہے کہ قارئین کرام اسے پسند فرمائیں گے اور اس سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں گے۔

خادم فن

ڈاکٹر ہری چند ملتانی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دیباچہ

بازار میں اردو زبان میں کوئی ایسی عام فہم کتاب موجود نہ تھی جس میں طب ہومیوپیتھی پر آسان زبان میں روشنی ڈالی گئی ہو۔ اگر کچھ مارکیٹ میں طب ہومیوپیتھک کی کتب ہیں تو ان میں سخت مشکل زبان استعمال کی گئی ہے جسے ڈکشنری کے بغیر پڑھنا سخت مشکل ہے اور عام پریکٹیشنرز ان کتب سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ اس کتاب میں پریکٹیشنروں کی رہنمائی کے لئے طب ہومیوپیتھی پر باتفصیل روشنی ڈالی گئی ہے اور ہومیوپیتھی نہ جاننے والا ایک عام طبیب بھی اسے پڑھ کر ہومیوپیتھک ادویات کو اپنی پریکٹس میں استعمال کر سکتا ہے۔ اس میں ایسے ایسے نکتے بیان کئے گئے ہیں جو پریکٹیشنر کے روزمرہ کے کام میں آنے والے ہوں۔ اس سلسلہ میں ہومیوپیتھک ادویات جو دی گئی ہیں۔ ان کی خریداری کے لئے کسی پریشانی کی ضرورت نہیں۔ یہ ہر شہر میں ہومیوپیتھ کیمسٹوں سے دستیاب ہو سکتی ہیں۔

مجھے اس کتاب کی تیاری میں بہت سے ہومیوپیتھک مصنف دوستوں کے تجربات سے فائدہ اٹھانا پڑا۔ اس لئے ان کا احسان مند ہونا بھی ایک انسانی فرض سمجھتا ہوں، خصوصاً (1) ڈاکٹر عابد حسین ہومیو فزیشن، (2) ڈاکٹر این سی گھوش ایم' ڈی (U.S.A)، (3) ڈاکٹر ایم بھٹا چاریہ، (4) ڈاکٹر امیر سنگھ ہومیوپیتھ، (5) ڈاکٹر ایم' سی ایلین صاحب' ایم' ڈی)، (6) ڈاکٹر نیش صاحب، (7) ڈاکٹر نظام الدین صاحب ایم' پی ہومیوپیتھ اور ڈاکٹر ہری چند ملتانی خاص طور پر شکر گزاری کے مستحق ہیں۔ جن کی عظیم کاوشوں اور جانفشانی و محنت سے یہ اشاعت ناظرین کے دست مبارک تک پہنچنے کے قابل ہوئی ہے۔

خادم فن

ڈاکٹر ہر بھگت سنگھ پنچھی (ہومیوپیتھ)

www.iqbalkalmati.blogspot.com

تاج ہومیوپیتھی

سوال و جواب

طب ہومیوپیتھی سے متعلق کچھ سوالوں کے جوابات درج ذیل ہیں۔ امید ہے کہ اس سے ناظرین کی معلومات میں اضافہ ہو گا۔

سوال: دیگر پیتھیوں میں جبکہ بڑے بڑے ضخیم نسخوں کو تندرستی کے حق میں درست تسلیم کیا گیا ہے تو ہومیوپیتھی میں واحد دوائی کا استعمال کیوں جائز مانا گیا ہے؟

جواب: واحد دوائی وہ ہے جو تندرست انسانوں پر تجربہ کر کے دیکھی جا چکی ہے اور وہی دوائی ہومیوپیتھی پروان ہے کیونکہ اس کی صفات کی تحقیقات ہو چکی ہوتی ہے۔ جہاں ایک کی بجائے بیشمار چیزوں کو ملا کر ایک کھچڑی کا نسخہ بنا دیا جائے۔ وہاں اس بات کا کوئی یقین نہیں ہوتا کہ وہ تمام ادویات مریض کی اس تکلیف کو دور کرنے والی ہیں یا ان میں سے کوئی نقصان دہ بھی ثابت ہو سکتی ہے کیونکہ ان سب کے تاثرات ایک دوسری کے متضاد ہوتے ہیں اگر ان میں سے کوئی ایک یا دو دوائیاں مریضوں کی تکلیف دور کرتی ہیں اور دو ایسی بھی شامل ہوں جو کوئی دیگر نئی تکلیف پیدا کر دیں تو ان کا اور ڈاکٹر کی سمجھ کا نتیجہ غریب مریض کو اپنی جان پر بھگتنا پڑتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ ہومیوپیتھی میں اس واحد دوائی کا استعمال جائز ہے۔ جو تندرست انسانوں پر تجربہ میں پوری اتر چکی ہو' دیگر پیتھیوں کے کھچڑی نما مرکبوں کی اصلیت تو خدا جانتا ہے یا مریض کے اعضاء ہی محسوس کر سکتے ہیں کیونکہ ان کھچڑی نما مرکبوں کی خیالی فٹنگ ہر بار ناپ تول سے کی جاتی ہے۔

سوال: ہومیوپیتھک دوائی دیگر پیتھیوں کی ادویات سے آرام زیادہ دیر میں کیوں کرتی ہے؟

جواب: دیگر ادویات مریض کو وقتی طور پر عارضی آرام دینے کے لئے ہوتی ہیں جو تیز دردوں کو دبا دیتی ہیں مثلاً مارفیا یا اسپرین وغیرہ۔ صرف اسی طریقہ سے ڈاکٹر بڑی آسانی کے ساتھ کامیابی حاصل کر لیتا ہے اور لوگوں کی جیبیں ایسے موقعوں پر خود بخود اوندھی ہو جاتی ہیں نتیجہ جو آخر

www.iqbalkalmati.blogspot.com

میں نکلتا ہے اس سے بھی کوئی ناواقف نہیں۔ مرض جوں کا توں قائم رہتا ہے جس میں "چار دن کی چاندنی اور پھر اندھیری رات ہے۔" مرض پھر آ جاتا ہے' یہی سلسلہ شیطان کی آنت کی مانند بڑھتا ہی چلا جاتا ہے جس کا خاتمہ مریض کی جیون لیلا کے اختتام پر ہی ہوتا ہے۔

ہومیوپیتھی میں مریض کو اس طرح کے سبز باغ دکھلا دکھلا کر دھوکا نہیں دیا جاتا بلکہ اس کی قوت حیات کو بیدار کیا جاتا ہے تاکہ قوت حیات ہوشیار ہو کر خود بخود ہی مرض کا مقابلہ کر سکے۔ ہومیوپیتھک دوائی جسم کے اندر پہنچتے ہی اپنا اثر شروع کر دیتی ہے۔ قوت حیات سنبھلتی جاتی ہے اور جسم ٹھیک حالت میں ہوتا چلا جاتا ہے۔ مرض جتنا گہرا اور پیچیدہ ہوتا ہے قوت حیات کو وہ اپنے اور جسم کے دوبارہ قائم کرنے میں اتنی ہی زیادہ دیر لگتی ہے۔ مرض کی عام حالت میں عرصہ کم لگتا ہے۔ اس لئے ہومیوپیتھک دوائی کو سست نہیں کہا جا سکتا۔

سوال: جب ہومیوپیتھک دوائی پوٹینسی میں تقسیم ہو جاتی ہے تو پیچھے اثر کرنے والی کون سی چیز رہ گئی اور فائدہ بھی کیا کر سکتی ہے؟

جواب: یہ سب مخالفین منطق بازوں کی حجت بازی ہے۔ تمام دنیا اس بات کو تسلیم کرتی ہے کہ ٹھوس مادے کا منقسم ذرہ ایٹم کہلاتا ہے۔ ہر ایک قسم کا مادہ ایٹم تک تقسیم ہو سکتا ہے جسے تیز سے تیز خوردبین کے ذریعے بھی نہیں دیکھا جا سکتا مگر ایٹم کی حیثیت دنیا بھر میں ایک تسلیم شدہ حقیقت کا درجہ حاصل کر چکی ہے۔ اسی طرح ہم ہر ایک دوائی کو ایٹم کی شکل میں تیار کرتے رہتے ہیں۔ یہ بات بھی قابل فراموش نہیں کہ ایٹم کے اندر الیکٹرون اور نیوٹرون کی موجودگی ہے اگر ایک گرام لوہے کو توڑ پھوڑ کر ایٹم کی شکل میں تبدیل کر دیا جائے تو موجودہ دنیا کی تمام تر خشکی و تری کے پرخچے اڑ کر قیامت برپا کر دینے کے لئے کافی ہے۔ انسان اب تھوڑا تھوڑا اس اندرونی دنیا کی جانب دیکھنے لگا ہے جو کہ بیرونی دنیا کی روح سمجھی جا سکتی ہے۔ یہ اندرونی دنیا ہی بیرونی دنیا کو قائم رکھے بیٹھی ہے۔ موجودہ زمانہ میں جبکہ ایٹم کا پردہ اٹھ چکا ہے اور بیدار دنیا کے سائنس دان شری ہنی مین صاحب کی روح کو شردھا نجلی پیش کر رہے ہیں۔ یہی سب سے پہلی ہستی تھی جس نے بنی نوع انسان کی جان بخشی کے لئے ٹھوس مادوں کو توڑ پھوڑ کر ان کے سینوں سے ایٹم کو باہر نکال کر دکھلایا۔

اب ہم دوائی کی پوٹینسی تیار کرتے وقت یہ نہیں کہہ سکتے کہ یہ دوائی کس پوٹینسی پر پہنچ کر ایٹم کو جنم دیتی ہے۔ دوصد نمبر کی پوٹینسی تک دوائی مادے کی حدود میں رہ سکتی ہے۔ اس کے اوپر پوٹینسی اپنے گھیرے کو توڑ کر ایٹمی شکل اختیار کرنے لگ جاتی ہے۔ جوں جوں پوٹینسی اونچے نمبر کی جانب قدم بقدم بڑھاتی چلی جاتی ہے۔ توں توں اس کے اندر اثر کرنے کی قوت

www.iqbalkalmati.blogspot.com

تیز ہوتی جاتی ہے۔ ایک لاکھ یا اس سے اوپر پوٹینسی تیار کرنا مشین کا ہی کام ہے۔ تجربہ کے طور پر آپ سفید سنکھیا کے مدر ٹنکچر کا ایک قطرہ لے کر ہومیوپیتھک طریقہ سے تیس نمبر تک پوٹینسی اپنے ہاتھ سے تیار کر کے استعمال کرو۔ آپ کی تسلی کے لئے صرف اتنا ہی کافی ہے۔ موجودہ زمانہ میں تو ہومیوپیتھک دس دس لاکھ نمبر تک کی پوٹینسیاں بھی استعمال کر رہے ہیں۔ ایسی قوت عام مادوں سے زیادہ طاقتور تسلیم ہو چکی ہے۔ ہم ٹھوس مادی ادویات کے غلام نہیں ہیں۔ ہم تو غیبی اور روحانی قوت کے ذریعے دوسری روحانی اور غیبی چیز کا علاج کرتے ہیں۔

سوال: ہومیوپیتھک ڈاکٹر بچوں کو پارہ' سنکھیا' میٹھا تیلیا جیسی زہریلی ادویات بلا جھجک دے رہے ہیں اگر ان کے انتخاب میں غلطی ہو جائے تو کیا وہ نقصان دہ ثابت نہیں ہو سکتیں؟

جواب: زہریلی ادویات کا انتخاب خواہ صحیح ہو خواہ غلط' ٹھوس شکل میں وہ ضرور خطرناک ثابت ہو سکتی ہیں مگر ہومیوپیتھک طریقہ سے ان کے زہر کو ختم کر کے نفع بخش بنا دیا جاتا ہے۔ اسی واسطے ہر عمر کے مریض کو بلا جھجک استعمال کرائی جاتی ہیں۔ غلط انتخاب بھی کوئی نقصان دہ ثابت نہیں ہو سکتا۔ غرضیکہ بغیر پوٹینسی کے باقی تمام طریقے دوائی کو ہلکی یا نازک بنانے کے خطرناک نتائج پیدا کر سکتے ہیں۔ کشتہ بازی میں بھی دوائی اپنے ٹھوس پن کو نہیں چھوڑتی۔

سوال: ہومیوپیتھک ڈاکٹر جلدی امراض کے لئے بیرونی استعمال کی ادویات کو پسند نہیں کرتے بلکہ اندرونی طور پر کھانے یا پینے کی ادویات استعمال کرتے ہیں۔ اس کی کیا وجہ ہے؟

جواب: جسم کی اندرونی غلاظت باہر نکالنے کے لئے پاخانہ و پیشاب کی طرح جلد بھی ایک بڑا بھاری فرض ادا کرتی ہے۔ جلدی مسامات کے ذریعہ پسینہ خارج ہوتا ہے۔ زیادہ گندہ پسینہ یا اندرونی گندمند یا تیزابی مادہ جلد کو پھاڑ کر خارج ہونے کی کوشش کرتا ہے' جلد سے زیادہ قیمتی اندرونی اعضاء اپنا بچاؤ کرنے کے لئے تمام زہریلا مادہ غلاظت جلد جیسے خدمتگار کے حوالے کر دیتے ہیں' جلد ان کو دھکیل کر باہر نکلنے کے لئے راستہ دے دیتی ہے۔ اگر اوپر سے مرہم لگا کر یا پلستر باندھ کر ان کے باہر نکلنے والے راستے بند کر دیئے جائیں تو ہم اپنے پیارے جسم کے بیش قیمت اعضاء کے ساتھ سخت بے انصافی کا سلوک کر رہے ہیں چونکہ جلد پر ابھار یعنی پھوڑے پھنسیاں وغیرہ جسمانی ڈھانچے کو نقصان پہنچائے بغیر کافی عرصہ تک قائم رہ سکتے ہیں مگر جلد پر ہی دب کر اندر واپس چلے جانا خطرناک نتائج پیدا کر سکتا ہے۔ بل میں پانی ڈالنے سے اگر سانپ بل چھوڑ کر باہر بھاگ جانا چاہتا ہے تو اس کو نکل آنے دو۔ واپس بل کے اندر کی جانب دھکیلنا دانشمندی کا کام نہیں۔

یہی وجہ ہے کہ ہومیوپیتھی اندرونی طور پر دوائی استعمال کرا کر مرض جیسے سانپ کو باہر

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نکالنے کے ہے گر کی مالکہ (قوت حیات) کو بیدار کر رہی ہے۔ اسی طرح جلد کے اوپر والے مرض کے نشان بھی اندرونی دوائی کے ساتھ ہی ختم ہو جاتے ہیں۔ یہ بات ہر وقت یاد رکھنے کے قابل ہے کہ نوے فیصد کی اندرونی امراض ان ابھاروں کے اندر دب جانے کے سبب سے ہی پیدا ہوتے ہیں۔

بچپن میں قوت حیات اپنی تیزی اور چستی کی وجہ سے تھوڑی جتنی بھی میل یا کوڑا کرکٹ جسم کے اندر نہیں رہنے دیتی۔ اسی واسطے تو بچوں کے پھوڑے پھنسیاں زیادہ تعداد میں نکلتے دیکھے جاتے ہیں۔ جن ایسے بچوں کا ہومیوپیتھک علاج کیا جاتا ہے۔ ان کی بقیہ زندگی بڑی آرام کی اور تندرست گزرتی ہے۔ نئے حاد امراض میں خسرہ' چیچک وغیرہ کے دانے دب جانے سے جو خطرناک نتائج برآمد ہوتے ہیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ بیرونی طور پر مرہمیں یا پلستر پوڈر وغیرہ کا استعمال اپنے خون کے ساتھ زہریلے سانپ کو پالنے کے مترادف ہے۔

سوال: سرجری سے دنیا والے فائدہ اٹھا رہے ہیں مگر ہومیوپیتھک ڈاکٹر اسے کیوں پسند نہیں کرتے؟

جواب: ہومیوپیتھی میں سرجری کو نفرت کی نظر سے نہیں دیکھا جاتا بلکہ سرجری کی اس وقت ضرورت سمجھی جاتی ہے۔ جس وقت ادویات کے استعمال کی گنجائش ختم ہو جائے اور زندگی خطرہ کے کنارے کھڑی ہو۔ زندگی کو بچانے کے لئے جب سوائے سرجری کے اور کوئی چارہ باقی نہ رہ گیا ہو۔

اگر مرض بغیر سرجری کی امداد کے ہی درست ہونے والا ہو' وہاں خواہ مخواہ جسم کے قیمتی اعضاء کو کاٹ ڈالنا کہاں کی دانائی ہے؟ مثلاً گلے بڑھنا' ورم کانی آنت' ورم غدود' رسولی' کینسر' بھگندر' پتہ' مثانہ اور گردوں میں پتھریاں وغیرہ ہومیوپیتھک ادویات سے درست ہونے والے کیس ہیں۔ سرجری تمام پیتھیوں کا مشترکہ سرمایہ ہے۔ بوقت ضرورت تمام اس سے مستفید ہوتے ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ ایلوپیتھی کو سرکاری سرپرستی اور تمام سہولتیں حاصل ہونے کی وجہ سے سرجری ان کا خاندانی پیشہ سمجھا جانے لگا ہے اور اصلی ماں یونانی بیچاری ہومیوپیتھی کی طرح ابھی تک مکمل طور پر حق دار تسلیم نہیں کی جاتی' یہ شرط ہے کہ جس وقت ہومیوپیتھی کو تمام حقوق حاصل ہو گئے تو دیکھنا کہ ہر جگہ ہومیوپیتھک سرجن ہی سرجن نظر آئیں گے۔

سوال: تمام دنیا اس بات کو تسلیم کرتی ہے کہ ہر ایک مرض کے اپنے اپنے جراثیم الگ الگ ہوتے ہیں اور امراض انہیں کے ذریعے پھیلتے ہیں۔ پھر بھلا ہومیوپیتھی کی تھیوری کو کیوں تسلیم کرنے سے انکاری ہے؟

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جواب: ہومیوپیتھی جرثومہ کی تھیوری کو تسلیم کرتی ہے مگر جراثیم سے مرض کی پیدائش کو تسلیم کرنے کو تیار نہیں ہے۔ یہ مسئلہ بڑا مزیدار ہے مگر سرد مزاجی اور تحمل کے ساتھ حل کرنے والا ہے۔ آپ انفلوئنزا کے شکار لوگوں کو دیکھتے ہو' چھوت ضرور پھیلتی ہے۔ مگر بہت سے آدمی اس کی لپیٹ میں آتے ہی نہیں حالانکہ ان مریضوں کے پاس رہ کر ان کی تیمارداری بھی کرتے ہیں مگر ان پر چھوت کا ذرا بھر بھی اثر نہیں ہوتا۔ کیا وہ سانس نہیں لیتے؟ خوراک یا پانی اور سانس کے ذریعے جراثیم اندر داخل نہیں ہوتے؟ داخل ضرورت ہوتے ہیں مگر ان لوگوں کے بچ جانے کا جو سبب آپ لوگ خیال کرتے ہیں۔ ہم ہومیوپیتھ لوگ اس کے برعکس خیال رکھتے ہیں۔

درحقیقت بات تو یہ ہے کہ سب سے پیشتر قوت حیات کمزور ہو گی۔ پھر جسم اور جراثیم کی باری آئے گی اگر آپ جراثیم کی مار سے بچنا چاہتے ہیں تو قوت حیات کو مضبوط بنا کر رکھو۔ وہ آپ کے جسم کو قوت بخشے گی۔ اس طرح بن بلائے نہیں بلکہ دعوت دے کر بلائے ہوئے مہمان بھوکے مرتے سر پر پاؤں رکھ کر دوڑ جائیں گے۔ انٹی جومز ادویات کی لٹھ پکڑ کر جراثیم کے پیچھے دوڑنا ایسا ہے جیسے ایک احمق کا مکھیوں سے چھٹکارا پانے کے لئے اپنی ناک کاٹ لینا؟ کبھی یہ سوچنے کی کوشش کی ہے کہ انتڑیوں یا پاخانے کے راستے چونے کیوں ہوتے ہیں؟ ان کو وہاں خوراک ہی اس قسم کی ملتی ہے جو ان کو زندہ رکھنے کی ضامن ہوتی ہے۔ یہ جراثیم مسہلات سے ختم ہونے والے نہیں ہیں۔ یہی حال باقی جرثومہ کے داخل و اخراج کا سمجھ لیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پہلا باب

ہومیوپیتھی کیا ہے؟

ہومیو - پیتھی دو یونانی الفاظ کا مرکب ہے۔ ہومیوپیتھی کے معنی بالمثل اور پیتھوز کے معنی مرض یا جذبہ یعنی وہ علم جس میں مرض کا علاج انہیں ادویات سے کیا جائے۔ جن ادویات میں اس مرض جیسی علامات تندرست انسانوں میں پیدا کرنے کی صلاحیت موجود ہو۔

لاطینی زبان میں اس سنہری اصول کو اس طرح بیان کیا گیا ہے:

"Similia Similibus Curentur"

سمیلیا سمیلی بس کیورینٹر یعنی بالمثل ادویات سے علاج

کسی دوائی کے جتنے بھی خواص و علامات کسی مرض کے علامات کے ساتھ زیادہ سے زیادہ مشابہت رکھتے ہوں گے۔ اتنی ہی تیزی سے صحت بحال ہوتی جائے گی جو کہ اصلی معنوں میں صحت کہلائے گی۔

اس بات کا خیال رہے کہ مرض پیدا کرنے کے لئے جتنی دوائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس سے کہیں کم مقدار میں وہی دوائی مرض کو دور کرنے کے لئے کافی ہوتی ہے۔ جب کہ اس کا تندرست آدمیوں پر تجربہ کیا جاچکا ہو۔

پہلے تحقیقات کس نے کی؟

خواہ اس وقت ہومیوپیتھی کا استاد ہنری ہنی مین صاحب کو ہی تسلیم کیا جاتا ہے اور ہے بھی استاد ہی۔ مگر استاد کو بھی تو کہیں سے روشنی حاصل ہوئی ہی ہے نا۔ وہ روشنی دینے والا تھا شری بقراط، جس کی پیدائش جزیرہ کاس میں 460 قبل مسیح ہوئی۔ آپ بھی پہلے دیگر حکیموں کے شائق تھے۔ آپ کی ایجاد پیتھی کو طب یونانی کے نام سے پکارا جاتا ہے جس میں بلغم، صفراء، خون، سوداوغیرہ چار خلطوں کو پردھان مانا گیا ہے اور آپ کے استاد حکیم ایم پیڈوکل تھے۔ جب خود انہیں پرانی چار خلطی پیتھی سے یقین اٹھ گیا تو آپ کو جسم انسانی کے اندر کسی قوت حیی کا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

احساس ہوا اور فوراً اس کی تحقیقات میں کمربستہ ہو گئے۔ جوں جوں آگے بڑھتے گئے۔ حقیقت کے راز کھلتے گئے۔ علاج بالمثل کی تحقیقات میں کامیابی حاصل کرلی۔ آپ کے ہم پیشہ ساتھیوں نے بھی اس نئی ایجاد کو تسلیم کرلیا مگر شری بقراط کی وفات کے بعد کسی نے بھی اس طرف توجہ نہ دی۔ یہ تحقیقات وہیں کی وہیں ٹھپ ہو گئی جسے دوبارہ ظہور میں لانے اور منزل مقصود تک پہنچانے کے لئے 1755ء میں شری ہنی مین صاحب کو دنیا میں آنا پڑا۔ جنہوں نے تمام زندگی ہومیو پیتھی کے لئے وقف کردی۔

سہرا کس کے سر؟

اس سائنس کی تحقیقات کا سہرا مشاہیر عالم ڈاکٹر سموئیل ہنی مین صاحب کے سر پر ہے۔ آپ ملک جرمن کے ایک چھوٹے سے گاؤں ملیسن میں مورخہ 10 اپریل 1755ء میں پیدا ہوئے۔ آپ ایک مشہور ایلوپیتھک ڈاکٹر تھے۔ ایک دفعہ آپ کو تنگدستی اور تکلیفات کا سامنا کرنا بھی نصیب ہوا۔ آپ 14 زبانوں کے عالم تھے۔ دوسری زبانوں کی کتابوں کو جرمن زبان میں ترجمانے لگے۔

ایک دن آپ ڈاکٹر کیولن (Dr. Cullen Callen) کے میٹریا میڈیکا کا ترجمہ کر رہے تھے۔ سنکونا کا ذکر چل رہا تھا۔ آپ کو اس بات کا یقین نہ آیا کہ سنکونا سچ مچ ہی ملیریا بخار کو دور کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ خیال پیدا ہوا کہ "اگر یہ سچ مچ ہی ملیریا بخار کو دور کر سکتا ہے تو اس کے اندر ملیریا بخار پیدا کرنے کی خاصیت بھی موجود ہونی چاہیے۔

آپ نے یہ شک رفع کرنے کی غرض سے سنکونا کی آزمائش اپنے تندرست جسم پر کرنی شروع کردی۔ کئی روز لگاتار سنکونا کھانے کے بعد جسم کے اندر سچ مچ ہی ملیریا بخار جیسی علامات پیدا ہو گئیں۔ لرزہ، پیاس، غنودگی، چہرہ کی تپش، پسینہ وقفے وغیرہ سے جدوجہد کرنی پڑی۔ جب سنکونا کی خفیف سی مقدار استعمال کی گئی تو علامات کا قلع قمع ہو گیا۔ بار بار تجربہ کرنے پر یقین ہو گیا کہ جس دوائی کے زیادہ استعمال کرنے سے جس طرح کی علامات ایک تندرست جسم میں ظاہر ہو سکتی ہیں۔ اگر ویسی ہی علامات کسی مریض میں پائی جائیں تو وہی دوائی استعمال کرنے سے مرض کی تمام علامات رفع دفع ہو جاتی ہیں۔ بس اسی اصول پر ہومیو پیتھی کی بنیاد رکھی گئی ہے۔

کئی برس تک ڈاکٹر ہنی مین صاحب نے دیگر بہت سی ادویات کی آزمائش اپنے دوست و اقارب پر کی اور ان ادویات کے استعمال سے جو جو علامات تندرست اجسام پر ظاہر ہوئیں۔ انہیں بڑے غور سے نوٹ کرتے رہے۔ اسی تحقیقات میں 25 برس گزار دیئے اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"ہومیو پیتھک میٹریا میڈیکا پیورا" تیار ہوا۔

پھر 1810ء میں آپ نے ہومیو پیتھی قوانین کی کتاب جس کا نام آرگنن آف ہومیو پیتھی ہے شائع کی۔ جس میں ہومیو پیتھک علاج کے متعلق بنیادی اصول اکٹھے کر دیئے گئے ہیں۔

مختصراً ----

ہومیو پیتھی کی بنیاد ایک اصول پر قائم ہے۔

تمام ادویات میں ایک نقلی بیماری پیدا کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ کسی دوائی کے عمل اثرات معلوم کرنے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے تندرست جسم پر تجربہ کر لیا جائے۔

مرض کو دور کرنے کے لئے کوئی ایسی دوائی استعمال کی جائے۔ جس کی علامات مرض کی علامات سے پوری پوری مشابہ ہو مگر یہ بات ضرور یاد رہے کہ مریض کو دوائی کی جو مقدار دی جائے وہ اس مقدار خوراک سے بہت کم ہو گی۔ جس کے استعمال سے مرض پیدا ہو یا ہو سکتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دوسرا باب

میٹریا میڈیکا کیا ہے؟

ہومیوپیتھک میٹریا میڈیکا ان جسمانی و دماغی علامات کا مجموعہ ہے۔ جو کسی تندرست جسم انسانی میں کسی دوائی کے استعمال کرنے کے بعد پیدا ہوتی ہیں۔

ڈاکٹر ہنی مین صاحب نے طویل عرصہ میں اپنے جسم اور دوسرے دوستوں اور رشتہ داروں پر بے شمار ادویات کو آزمایا۔ ان ادویات کو تندرست اجسام پر استعمال کرنے سے جو جو علامات پیدا ہوئیں۔ ان تمام تر علامات کو انہوں نے الگ الگ کر کے نوٹ کر لیا اور جتنی ادویات کی علامات نوٹ کیں۔ اس تمام مجموعہ کا نام "ہومیوپیتھک میٹریا میڈیکا پیورا" کہا جاتا ہے۔

اس کے بعد دوسرا میٹریا میڈیکا ڈاکٹر ہیرنگ نے مرتب کیا جس کا نام "گائیڈنگ سمٹمز" ہے۔ یہ 10 جلدوں میں چھپا ہوا ہے۔ باقی تمام میٹریا میڈیکا جو بنے ہیں۔ انہیں بنیادوں پر تیار ہوتے چلے آرہے ہیں۔

مرض کیا ہے؟

جب بھی جسم کے اندر کوئی نقص پیدا ہوتا ہے تو اس کو دور کرنے کے لئے جسم کو حرکت کرنی پڑتی ہے اگر وہ نقص زیادہ طاقتور ہو۔ اس جنگ و جدل میں جسم کو نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔ وہاں؛ اگر جسم مضبوط اور چست ہے تو وہ اس نقص پر غالب آکر اس کا قلع قمع کر دیتا ہے۔ کئی آدمی خدا کے بھروسے رہتے ہیں اور بہت سمجھ دار خود بخود اپنا بندوبست کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جسے مرض کا علاج کہا جاتا ہے۔

اگر کسی کو خود کوئی بندوبست کرنا نہ سوجھے تو وہ کسی دوسرے وئید، حکیم یا ڈاکٹر کے علاج سے اس نقص کو دور کرنے کا انتظام کرتا ہے اگر کسی شخص کو اتنی بھی لیاقت نہ ہو۔ وہ کوئی نہ کوئی بدپرہیزی کر کے اس بات کو ہر کوئی تسلیم کرتا ہے کہ ہم زندگی کو قائم رکھنے کے لئے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کھاتے پیتے رہتے ہیں مگر احمق لوگ صرف کھانے کے لئے جیتے ہیں۔ گرمی سردی سے بچنے کے لئے ہر ممکن کوشش کرتے ہیں۔ دشمن کو دیکھ کر اس کا مقابلہ کرنے کو تیار ہو جاتے ہیں یا پھر بعض حالتوں میں ڈر کر دوڑ جانا پسند کرتے ہیں۔

حقیقی معنوں میں ہماری ضمیر ہمیں اس بات کی اجازت نہیں دیتی کہ دشمن کو دیکھ کر ڈر کے مارے دوڑ جائیں یا ہتھیار ڈال کر اس کی تابعداری قبول کر لیں یا دشمن کو دیکھتے ہی فوراً اپنے ہوش و حواس چھوڑ کر زندہ درگور ہو جائیں۔

ایک زندہ دل بہادر انسان کو تو دشمن نظر آتے ہی جوش پیدا ہو جاتا ہے۔ جسم میں لرزہ، چہرہ سرخ، بازوؤں میں حرکت اور خون کھولنے لگتا ہے۔

مرض کا مقابلہ کرنا بھی ایک جنگ ہے۔ جنگ طول بھی پکڑ سکتی ہے اور جلدی ختم بھی ہو سکتی ہے۔ اگر حقیقی مالک قوت حیات (Vitelphors) کمزور ہے تو دشمن (مرض) اس پر غالب آ کر قوت حیات کو ختم کر دے گا۔ ہاں! اگر قوت حیات مضبوط ہے تو دشمن (مرض) کو نیست و نابود کر کے ہی دم لے گی۔

جنگ میں طرفین کو گولہ بارود اور دیگر سامان جنگ کے علاوہ خوراک اور کپڑے وغیرہ کی ضرورت بھی پڑتی ہے۔ تجربہ کار رہنماؤں اور لڑاکے جوانوں کو بھی امداد چاہئے۔ اسی طرح قوت حیات اور مرض کی لڑائی میں بھی اندرونی اور بیرونی امداد کی ضرورت ہے۔ گھوڑے کی دوائی 'صفائی' خوراک کے علاوہ پرہیز اور احتیاط کی سخت ضرورت ہوتی ہے۔ اس جنگ کی طرح جسم میں بدل رہے حالات ہی مرض کی علامات ہیں۔ یہ ہو سکتا ہے کہ ظاہر ہو رہی علامات اور چھپانے یا دبانے یا جھوٹی پردہ پوشی کرنے سے بیرونی امداد بند ہو جائے گی۔ جس میں ایک جانب کی شکست لازمی ہے۔ اس واسطے اس مصنوعی پردہ پوشی کی طرف توجہ نہ دی جائے بلکہ ان تمام علامات کو سب کے روبرو میدان جنگ میں ختم کر کے دکھایا جائے تاکہ ہر کس کو اس اصل فتح و شکست کے متعلق روز روشن میں تسلی ہو جائے۔ کوئی علامت باقی کسی جگہ چھپی نہ رہ جائے۔ بات صاف ہو اگر کوئی نقص والی علامت بقایا رہ گئی تو لڑائی ختم نہیں سمجھی چاہئے۔ وقت ملنے پر آگ اندر ہی اندر سلگتی سلگتی ایک نہ ایک دن بھڑک اٹھے گی۔

جس طرح جنگ یا اس کے اسباب ہر کسی کے لئے مصیبت دہ ہوتے ہیں۔ اسی طرح مرض کے اسباب بھی انسانی جسم اور تمام زندگی بھر کے لئے نقصان دہ ثابت ہوا کرتے ہیں۔ اس واسطے ان تمام اسباب کو تلاش کر کے ان کا قلع قمع کرنا ہی حقیقی علاج ہے۔

مرض پیدا ہونے کے بہت سے اسباب ہیں مگر اس جگہ خاص خاص اسباب کا ذکر کرنا ہی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مناسب ہے مثلاً:

1- پیدائشی: جو وقت پیدائش سے ہی لاحق ہو جیسے بہراپن' اندھاپن' بھینگاپن' گونگاپن' کوئی اعضاء ٹیڑھا میڑھا یا چھوٹا بڑا یا مردہ حالت میں ہونا۔ قدرتی طور پر ٹھگنا یا کبڑاپن' بدشکل یا دہشت ناک جسم والا ہونا وغیرہ وغیرہ۔

2- خاندانی (وراثتی): والدین کے کئی امراض کا حصہ بچے کو وراثت میں ہی ملتا ہے مثلاً دق' دمہ' سوزاک' آتشک یا مرگی وغیرہ۔

3- غذائی (خوراکی): خوراک میں انسانی جسم کو تندرست رکھنے والے اجزاء (حیاتین) مکمل نہ ہوں' خوراک کم ملے یا اندازہ سے زیادہ استعمال کی جائے' بے وقت کھانا' حسب ضرورت خوراک کو چبایا نہ جانا۔ خوراک قدرتی اصول کے مطابق استعمال نہ کرنا۔

4- خود ساختہ (علتی): قادر مطلق کی طرف سے انسانی جسم کی پرورش کے لئے ہر طرح کی مناسب خوراک میسر ہونے کے باوجود بھی تسلی نہ ہو۔ منشیات کا استعمال کر کے جسم کو نااہلیت کے باعث کسی نہ کسی لاعلاج مرض میں مبتلا کر لینا۔

5- قدرتی: گندی آب و ہوا' گرمی سردی کی کمی بیشی' تازہ اور صاف ہوا اور روشنی کی کمی' کوئی ناگہانی حادثہ یا بجلی وغیرہ کا کوئی حملہ ہونا۔

6- محنتی (مشقتی): حد سے بڑھ کر کوئی محنت یا مشقت کرنے کے باعث تھکاوٹ' دردیں' سستی پیدا ہو جانا' حد سے زیادہ ورزش میں مشغول رہنا مگر اس کے مطابق مناسب خوراک کا انتظام نہ ہو سکنا' بے آرامی وغیرہ وغیرہ۔

7- زہر خوردہ: اچانک یا غلطی یا کسی سازش سے یا خودکشی کے خیال سے کسی قسم کے زہر کا استعمال کیا جانا۔ کسی زہریلے جانور سانپ' بچھو وغیرہ کے ڈنگ مارنے سے زہر کا خون کے اندر سرایت کر جانا وغیرہ۔

8- جرثومی: کسی قسم کے مرض کے جراثیم کا ہوا' پانی' خوراک' برتن یا کپڑے وغیرہ کے ذریعے جسم میں داخل ہو جانا جو کہ دوسری پیتھیوں کے خیال میں ایسا ہو سکتا ہے مگر ہومیوپیتھی میں اس اصول کو تسلیم نہیں کیا جاتا۔ اس تھیوری کو کسی دوسری شکل میں تسلیم کرتے ہیں۔ جس کا ذکر اسی کتاب میں کسی دوسری جگہ درج ہے۔ ہومیوپیتھی کا نظریہ جراثیم کے متعلق کچھ اور ہے۔

9- مزاجی: خوشی' غمی' غصہ' تکبر' رنج و غم' فکر' کسی بات کا ہر وقت دماغ میں چکر لگاتے رہنا خواہ مخواہ ماضی' حال اور مستقبل کی فکر کے چکر میں پڑے رہنا۔ کسی صدمہ کو یاد کر کے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اندر ہی گھلتے مرتے رہنا اور حاصل کچھ بھی نہ ہوتا۔ کسی وقوعہ یا کسی چیز یا خیال سے ڈر کر ہر وقت سرد آہیں بھرتے رہنا اور غم کے آنسو نوش کرتے رہنا۔

10- عصبی: دل و دماغ کا تمام جسم کے اعصاب میں کوئی کمزوری، خرابی یا کمی بیشی پیدا ہو جائے جس کے سبب سے مرگی، پاگل پن، ہسٹیریا یا غشی جیسے مرض پیدا ہو جائیں۔ جس کو انگریزی میں نروس سسٹم (Nervous System) کی خرابی کہا جاتا ہے۔

اسی طرح کے اور بھی چھوٹے موٹے غیر ضروری بے شمار اسباب ملتے ہیں مگر ناظرین کی دلچسپی کے لئے فقط اتنا ہی کافی سمجھا گیا ہے۔ ہمیں یہاں صرف ہومیوپیتھک اصولوں کے مطابق مرض کے متعلق خیال پیش کرنے کی ضرورت ہے۔

اب ہم مرض کے متعلق آنجہانی شری ہنی مین صاحب کی مایہ ناز تصنیف "آرگنن" یعنی قوانین ہومیوپیتھی میں سے ہی حوالہ دے کر اس بات کو واضح کرتے ہیں کہ مرض کیا ہے؟ آپ نے فرمایا ہے کہ:

"جسم انسانی میں اندرونی و بیرونی طور پر جو تغیر و تبدل ہوتا ہے۔ اسی کا نام ہی اصل مرض ہے۔"

"اس لئے یہ بھی تسلیم کرنا پڑے گا کہ ہر ایک مرض کا تعلق انسان کے روحانی رد و بدل کے ساتھ ہے۔ اس واسطے ان بیرونی علامات پر وچار کرنے سے ہی مرض کو سمجھا جا سکتا ہے۔ سوائے اس کے دیگر طریقہ کوئی ایسا نہیں۔ جس کے ذریعے ہر مرض کا معائنہ کیا جا سکے۔"

"دراصل چند شدید علامات کے مجموعہ کا نام ہی مرض ہوتا ہے۔"

اب مرض کے متعلق شری ہنی مین صاحب کے خیالات اس مثال کے ذریعے پیش خدمت ہیں:

آپ کو ایک ایسا مریض دکھلایا جاتا ہے۔ جس میں مندرجہ ذیل علامات کا مجموعہ موجود ہے:

"مریض پر نیم بے ہوشی کی حالت طاری ہے۔ مزاج میں غصہ ہے۔ جن، بھوت نظر آتے ہیں۔ بھڑک اٹھتا ہے، کاٹنے مارنے کو دوڑتا ہے۔ ہذیان کی حالت میں ہے۔ بھاگ جانا چاہتا ہے۔ یادداشت تیز ہے۔ پیشانی میں ٹیکن کا سا درد ہے۔ سر کو تکیہ میں گھسیٹتا اور کبھی اِدھر اُدھر مارتا ہے۔ چہرہ پر سرخی، سوزش اور تڑک بھڑک ہے۔ آنکھوں میں چمک اور دوسروں کو گھورتی ہوئی نظر، پتلیاں پھیلی ہوئی، کانوں میں ٹیس پڑتی ہے، منہ خشک، گردن سرخ و چمک دار (خاص کر دائیں جانب) حلق میں کھنچاؤ سا محسوس ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے کچھ نگلنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مشکل ہے۔ سرد پانی پینے کی خواہش ہے' ڈر بھی لگتا ہے۔ شکم گرم اور تفخ کی سی شکایت' پیشاب بہت کم مقدار میں آئے' خشک کھانسی' دل میں دھڑکن' جسم میں پھڑکن موجود' تیز بخار مگر پاؤں برف کی مانند سرد' بخار میں پیاس ندارد' نسوں کی پھڑکن کی وجہ سے کسی وقت بھی نیند نہیں آ سکتی وغیرہ۔

اس مرض کی اب تمام علامات ہمارے سامنے ہیں۔ اس مرض کا نام کیا ہم سکارلٹ فیور یا ڈیلیریم ٹرینس وغیرہ رکھ کر مرض کے علاج میں کوئی خاص امداد حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر کوئی ایلوپیتھک ڈاکٹر ایسے علاج کے لئے طلب کیا جائے تو وہ صاحب سب سے پہلے سکارلیٹ فیور کا ہی لیبل لگائے گا۔ خیر یہ بھی ہوا' ہمیں کیا غرض اس بات سے۔

مگر اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ وہ صاحب اس مرض کے مریض کا علاج کیا کرتا ہے؟ سب سے پیشتر وہ اس مریض کو گھر کے تمام افراد سے الگ تھلگ کر دے گا۔ مریض کو گرم بستر پر لیٹنے کی ہدایت کرے گا۔ گردوں کی تکلیف کے ذر سے اسے سردی سے بچانے کی کوشش کرے گا۔ خیر یہ بھی تسلیم کرتے ہیں۔

اب علاج معالجہ کی طرف آیئے۔ حلق میں ضرور کاربالک گلیسرین لگائی جائے گی۔ ہلکی خوراک کھانے کی ہدایت کی جائے گی۔ انتڑیوں کے فعل کو چالو رکھنے کے واسطے کوئی ہلکا سا جلاب دیا جائے گا۔ بخار میں نائٹریٹ آف پوٹاش کا استعمال کرایا جائے گا۔ اگر حلق میں زیادہ تکلیف ہے تو برش وغیرہ سے کوئی دافع زہر دوائی لگائی جائے گی۔ اگر کان سے رطوبت جاری ہے تو بورک لوشن کی پچکاری کر دی جائے گی وغیرہ وغیرہ۔

اس طرح کے طریقہ علاج میں مصیبت یہ ہے کہ دوسرا ڈاکٹر اپنے آپ کو ایک جھنجھٹ میں پھنسا ہوا محسوس کرتا ہے اور وہ ظاہراً علامات کو دور کرنے کی کوشش میں رہتا ہے۔ وہ یہ سمجھتا ہے کہ خوب اچھی خدمت سے مریض کی قوت حیات آخر کو بیماری کے سخت حملے کو دبا لے گی۔

وہ علامات جو کہ اس مرض کا نتیجہ ہیں۔ وہ خود بخود ہی نیست و نابود ہو جائیں گی اور ڈاکٹر کا کام صرف ہے کہ صحت یابی کی امید باندھے دیکھتا رہے۔

ہمارا فرض

اب ہم بے چارے مریض کی حالت پر ہومیوپیتھک اصولوں کے مطابق وچار کرتے ہیں:
اگر اس مریض کے علاج کے لئے کسی ہومیوپیتھک ڈاکٹر کو بلایا جائے تو وہ حتی الوسع

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سب سے پہلے مرض کی تمام علامات کے متعلق واقفیت حاصل کرنے کے لئے مریض سے یا اس کی دیکھ بھال کرنے والے افراد سے حسب ضرورت سوالات کے جواب طلب کرے گا۔ اس کے علاوہ وہ اپنے تجربہ کی بناء پر اور مشاہدہ کے طور طریقہ سے بھی کام لے گا۔

مرض کے متعلق تمام چھان بین کے بعد ڈاکٹر کے لئے اس میں نہ کوئی دلچسپی ہے اور نہ کوئی ضرورت کہ وہ اس مرض پر کوئی خاص لیبل یا مہر لگائے۔

اب یہ بات صاف ظاہر ہے کہ بیلاڈونا اس مرض کی تمام علامات کے لئے واحد اور درست دوائی ہے۔

یہاں یہ سوال پیدا ہو سکتا ہے کہ بیلاڈونا اس مرض کے لئے کیونکر صحیح دوائی ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ بیلاڈونا کے تجربات نے تندرست انسانوں میں ٹھیک طور پر اسی طرح کی ہی علامات پیدا کی ہیں۔ جب کہ اسے زیادہ مقدار میں استعمال کیا گیا تھا۔ اگر ہومیوپیتھک میٹریا میڈیکا کے تجربات کا بغور مطالعہ کیا جائے تو وہاں سے اس مریض کی تمام علامات کا نقشہ مل جائے گا۔

اس حالت میں اس مریض کو مکمل طور پر صحت یاب کرنے کے لئے بیلاڈونا کی اونچی طاقت کی صرف ایک یا حد دو خوراکیں ہی کافی ہوں گی۔ جس کے استعمال سے مرض کے پوشیدہ و پیچیدہ اسباب کا مکمل طور پر قلع قمع ہو جائے گا اور اس کے ساتھ ہی نقلی علامات کا بھی خاتمہ ہو جائے گا۔ یہی اصل اصول ہے۔

مبتدیوں کے لئے یہ بات سمجھ لینا نہایت ضروری امر ہے کہ مندرجہ ذیل بیان ہومیوپیتھک طریقہ علاج کی ایک واضح مثال ہے مگر تمام امراض کا علاج اسی طرح کا آسان نہیں سمجھ لینا چاہئے۔ مزمن امراض کا علاج ایک بہت ہی دشوار گزار سفر ہے۔ اس کو کوئی پرانا تجربہ کار ہومیوپیتھس ہی طے کر سکتا ہے۔ ہر کسی کا کام نہیں۔ اس میں مطالعہ، تجربہ اور محنت کی سخت ضرورت ہے۔

<u>چار چیزیں پردھان:</u> ہومیوپیتھک طریقہ علاج میں قوت حیات، انسانی جسم، مرض اور دوائی کی ذاتی صفات اور ان کے باہمی تعلقات کو سمجھ لینے سے ہم ان تمام مخصوص قوانین کو سمجھ جائیں گے۔ جن پر ہومیوپیتھی منحصر ہے:

1. قوت حیات جسم پر اپنا حکم چلاتی ہے یعنی انسانی جسم قوت حیات کے اشارہ سے ہی کوئی کام یا حرکت کرتا ہے۔ اس قوت حیات کے بغیر جسم پتھر یا مٹی کی مانند ہے۔ جب قوت حیات ہی کسی وجہ سے بیمار یا ناکارہ پڑ جائے تو جسم کچھ نہیں کر سکتا۔ جب بادشاہ ہی گھر

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جائے تب رعایا میں بھی گڑبڑ یا ردوبدل پیدا ہونے لگتا ہے۔ مناسب اور درست بندوبست یا علاج ہی کے ذریعے قوت حیات جیسے بادشاہ کا بچ بچاؤ ہو جائے تو رعایا میں بھی بگاڑ اور امن بحال ہو جاتا ہے۔ اصل میں انسان کی خود پیدا کردہ خرابیوں اور غلطیوں کے سبب ہی سب سے پہلے قوت حیات بیمار پڑ جاتی ہے۔

جب قوت حیات اور اس کی نزاکت کے متعلق خیال پیدا ہوتا ہے تو ساتھ ہی یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اتنی نازک مزاج قوت حیات اتنے بڑے وزنی جسم کو کیوں کر اٹھائے پھرتی ہے یا یہ نازک مزاج چیز ایک ٹھوس چیز کو اپنے حکم میں یا کنٹرول میں کس طرح رکھ سکتی ہے؟ اس کا جواب اس ایٹمی و بجلی کے زمانہ میں دینا کوئی ضروری نہیں مگر پھر بھی مثال پیش کر کے اس مسئلے کو حل کر دینا کوئی نامناسب نہیں ہو گا۔

(الف) جس طرح اتنے بڑے سمندر میں چاند کی نازک سی کرنیں جوار بھاٹا یعنی اچھال پیدا کر سکتی ہیں۔

(ب) جیسے وزنی سے وزنی لوہے کو نازک صورت میں مقناطیسی قوت اپنی طرف کھینچنے میں کامیاب ہو سکتی ہے۔

اسی طرح یہ نازک مزاج قوت حیات وزنی جسم کو اپنے اختیار میں رکھتی ہے اور اپنے حکم کے مطابق چلاتی ہے۔

-2 بذریعہ خوراک ٹھوس چیزیں جسم کے اندر پہنچ جاتی ہیں۔ جیسا کہ نمک' چونا' لوہا' پانی' فاسفورس وغیرہ۔ ان تمام ٹھوس اشیاء کا تول ناپ اس نازک مزاج قوت حیات کی موجودگی میں ہی قائم ہے۔ جسم میں ان اشیاء کی بدولت ایک ٹھوس شے کی شکل میں بنا ہوا ہے۔ جسم مشین ہے اور مشین کو چلانے کے لئے قوت غیبی بجلی کی مانند کام کر رہی ہے۔ جس کی مہربانی سے یہ مشین چل رہی ہے مگر بجلی بند ہے تو مشین کی طرح انسانی جسم بھی بے حس یعنی مردہ ہے۔

-3 نازک چیز کا اثر دوسری نازک مزاج شے پر ہونا پہلی بات ہے۔ مرض یا تکلیف بھی ایک نازک شے ہے جو سب سے پہلے قوت حیات پر اثر پذیر ہوتی ہے۔ قوت حیات کے بیمار ہونے کا اثر اس کے ماتحت انسانی جسم پر پڑتا ہے۔ اس اثر کو ہم مرض کا نتیجہ تسلیم کرتے ہیں۔ یہ نتیجہ نکلنے سے پہلے کئی خطرے کے الارم بجتے ہیں۔ اگر ان الارموں کو سمجھ کر آنے والے خطرے یعنی مرض کی روک تھام کا مناسب بندوبست کر لیا جائے تو ہم خطرناک تکالیف سے بچ سکتے ہیں۔ بس یہی الارم ہی قوت حیات کے بیمار

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہونے کی پہلی اطلاع ہے۔ خواہ قوت حیات کی بیماری نازک ہی ہوتی ہے۔ مگر اس کے نتائج (ہماری لاپرواہی کی وجہ سے) بڑے خطرناک نکلا کرتے ہیں۔ مرض کی مثال عشق و محبت، رنج و غم جیسی نازک صورتوں سے بخوبی سمجھ سکتے ہیں۔ جب ان کا اثر قوت حیات پر لاحق ہوتا ہے تو بنا بنایا تمام ٹھوس ڈھانچہ (جسم) تتر بتر ہو جاتا ہے۔ جس طرح بغیر سردار کے فوج کی حالت ہوا کرتی ہے۔

4. قدرت نے ہر شے الگ الگ شکلوں اور صفتوں میں مکمل طور پر پیدا کی ہے۔ ہر شے میں الگ الگ نازک صفات موجود ہیں۔ ان ہی صفات کی وجہ سے ہی وہ پہلے نازک مزاج قوت حیات پر اثر انداز ہوتی ہے۔

یہ چیزیں (ادویات) جسم زمین اور تمام بناسپتی میں سے حاصل ہوتی ہیں۔ جب تک یہ تندرست اجسام پر اثر انداز ہو کر اپنی علامات کا مظاہرہ نہ کریں۔ تب تک انہیں بیمار جسم پر استعمال کرنے کے لائق تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ دوائی بھی نازک صورت میں ہی تیار کی جانی چاہئے تاکہ وہ نازک مزاج قوت حیات پر اثر کر سکے۔ صرف ٹھوس جسم کی مرمت سے نازک مزاج قوت حیات کو تندرست نہیں کر سکتے۔ اس لئے ہومیوپیتھک ادویات کو مختلف طاقتوں میں تیار کیا جاتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

تیسرا باب

ہومیوپیتھک علاج

جب یہ معلوم ہو گیا کہ قوت حیات ہی بیمار ہوتی ہے اور اس کے لئے دوائی کی ضرورت ہے۔ دوائی قوت حیات و قدرتی مرض سے زیادہ طاقتور ہوتی ہے۔ پہلے ہم دوائی کے متعلق بیان کر چکے ہیں کہ ہر دوائی کے اپنے اپنے الگ الگ خواص ہوتے ہیں۔ جن کا تندرست اجسام پر تجربہ کیا جاتا ہے' استعمال کے وقت اس واحد دوائی کو منتخب کیا جاتا ہے جو مرض کے ساتھ ملتی جلتی علامات کی مالک ہو۔ دوائی کی ایک خوراک مریض کو دی جاتی ہے۔ دوائی دینے سے پیشتر قوت حیات اور مرض کی شکل و صورت سے مندرجہ ذیل نقشہ کے مطابق تسلیم کی جاتی ہے:



قوت حیات سے مرض طاقتور ہونے کی وجہ سے مرض کی علامات سے ملتی جلتی علامات والی دوائی استعمال کرتے ہیں۔ جس سے اس کو اپنے جیسی دوائی مل جانے پر اس کی طاقت دوگنی (ڈبل) ہو جاتی ہے یعنی مرض کو اس کا ایک اور چور ساتھی مل جانے سے حوصلہ بڑھ جاتا ہے اور مرض پہلے سے زیادہ طاقتور اور بلند ہو کر سر اونچا کرتا ہے۔

اس طرح مرض کو ترقی کرتا دیکھ کر قوت حیات کا ضمیر بیدار ہو جاتا ہے۔ نئی ترقی (زیادتی) کو روکنے کے لئے اور اس کا مقابلہ کرنے کے لئے اٹھ کھڑی ہوتی ہے چونکہ پرانا مرض تو آہستہ آہستہ خفیہ طور پر اپنی جگہ جسم کے اندر بناتا رہا جس سے گھر کی مالکہ (قوت حیات) کو کوئی تکلیف یا وقت محسوس بھی نہ ہو سکی۔ اب جب کہ ایک چور کو دوسرا چور ساتھی مل گیا تو

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

طوفان برپا کر دیا۔ بے خبر اور دوتوں نے نئی نئی شرارتیں شروع کر کے یکدم تیزی کے ساتھ سوئی ہوئی قوت حیات کو اس کی ضمیر نے للکارا اور بیدار کر دیا۔ گھر کے اندر شور و غل دیکھ کر جوش پیدا ہو گیا کہ میری کمزوری اور شرافت یا لاپرواہی کا ناجائز فائدہ اٹھا کر مجھے ہی ختم کرنے کا پلان تیار ہو رہا ہے۔ جس طرح کہ سردی میں خیمہ کے باہر بندھے ہوئے اونٹ نے اندر آرام سے سوئے ہوئے اپنے مالک سے تھوڑی تھوڑی خیمہ کے اندر کرنے کی اجازت لے کر آہستہ آہستہ موقع پا کر تمام جسم ہی خیمہ کے اندر گھسیڑ لیا۔ بعد ازاں جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ مالک کی نیکی کا ناجائز فائدہ اٹھانے والا اونٹ خیمہ سے باہر نکال کر دور ایک درخت کے تنے سے باندھ دیا گیا۔ ساری رات سردی سے ٹھٹھر ٹھٹھر کر رہ گیا اور مالک نے باقی ماندہ رات بڑے مزے سے گزاری۔

بس اسی طرح قوت حیات نے اپنے بچاؤ کے لئے اٹھ کر کمر باندھی اور پوری طاقت کے ساتھ اصلی اور نقلی امراض کا خوب ڈٹ کا مقابلہ کیا۔ اس وقت میدان جنگ کا نقشہ اس طرح ہے:



یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ بیگار میں پکڑی ہوئی نقلی فوج سب سے پہلے میدان چھوڑ کر بھاگتی ہے۔ جب قوت حیات نے للکار کر میدان جنگ میں قدم رکھا تو میٹھی دوائی کے لالچ دے کر پیدا کی ہوئی نقلی مرض نے سب سے پہلے میدان سے بھاگنا شروع کر دیا۔ اب چونکہ قوت حیات نے اپنی پوزیشن کو مضبوط کر لیا تھا۔ بیگار میں پکڑی ہوئی لڑاکا فوج (مرض) نے اپنا پیچھا چھڑانے کا موقعہ پا کر سر پر پاؤں رکھ کر دوڑنا شروع کر دیا اور اصلی مرض نے اپنے آپ کو بے یار و مددگار دیکھ کر حوصلہ چھوڑ دیا اور لاچار ہو کر قوت حیات کے آگے ہتھیار پھینک کر مورچہ چھوڑنا پڑا۔ اب چونکہ قوت حیات برسر اقتدار آ چکی تھی۔ اس نے اپنی حکومت کو دوبارہ اپنے ہاتھ میں لے لیا۔

ان مثالوں سے آپ سمجھ گئے ہوں گے کہ جب دشمن مورچہ چھوڑ کر پیچھے ہٹنا شروع کر

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دیتا ہے تو تمام سامان جنگ یا ندی نالوں کے پل یا راستے توڑ پھوڑ کر جاتا ہے۔ ان کی مرمت ہو چہ فتح کر کے قابض ہونے والوں کو ہی کرنی پڑتی ہے۔

اسی طرح ٹوٹے پھوٹے کمزور یا ناکارہ اعضاء کی مرمت ہونے لگتی ہے۔ جس کے بعد جسم میں از سرِ نو بہار، تازگی اور خوشحالی کا دور آ جاتا ہے پھر جب کبھی کسی وقت قوت حیات لاپرواہ یا سست ہو جائے تو کوئی نہ کوئی مرض جیسا چور جسمانی مکان کے اندر آ گھستا ہے تو پھر مندرجہ بالا طریقہ علاج کے ذریعے اس کی بیخ کنی کر کے دوبارہ قوت حیات کی حکومت کو قائم کرنا پڑتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

چوتھا باب

ہومیوپیتھک ڈاکٹر

ڈاکٹر جیمز ٹیلر کینٹ ہومیو فلاسفر نے اس لفظ کا مطلب یوں بیان کیا ہے:
"ہومیوپیتھک ڈاکٹر وہ ہے جو ایک ہی دوائی کسی پوٹینسی میں کم از کم مقدار میں ہومیوپیتھک اصول کے مطابق منتخب کر کے استعمال کرے۔"

بس اسی مطلب کے مطابق ہومیوپیتھک ڈاکٹر کے لئے چار بڑی شرائط عائد کی گئی ہیں کہ دوائی (1) واحد' (2) کسی پوٹینسی میں' (3) کم از کم مقدار میں' (4) ہومیوپیتھک اصول کے مطابق استعمال کریں۔

دوائی

کوئی بھی چیز جو کہ جسم کے کسی خاص واحد یا بہت سے اعضاء میں یا تمام جسم کے نظام' حالت یا بناوٹ میں کوئی تغیر و تبدل پیدا کر دے۔ اس کا نام دوائی ہے۔

ادویات کی حفاظت

ہومیوپیتھک ادویات کو سورج کی روشنی' مٹی' گرد و غبار' سیلاب' دھواں' تیز بو والی اشیاء' ایلوپیتھک ادویات یا خوشبو بدبو وغیرہ سے بچا کر رکھنا لازمی امر ہے۔

نوٹ: ہومیوپیتھک ادویات کے صحیح یا غلط یعنی اصل نقل کی پہچان اسے استعمال کر کے اس کے نتیجہ کے بغیر کوئی بھی بالکل نہیں کر سکتا۔ اس واسطے زیادہ سے زیادہ معتبر فارمیسی یا فرم سے ادویات خرید فرمائی جانی ضروری ہیں۔

شیشیاں اور کارک

صفائی اور پاکیزگی کا جتنا بھی خیال رکھا جائے کم اور ضروری ہے۔ جو شیشیاں کسی ایک

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دوائی کے لئے پہلے استعمال کی جا چکی ہوں۔ انہیں کسی دیگر پوٹینسی کے لئے بھی ہرگز استعمال نہیں لانا چاہئے۔ یہی بات کارکوں کے متعلق بھی ضروری ہے۔ کارک ہمیشہ نئے اور بغیر سوراخ صاف ستھرے اور عمدہ کوالٹی کے ہوں۔ شیشیوں پر کارک ہمیشہ مضبوطی سے لگا کر رکھا جائے۔ شیشی کے اندر کی دوائی کا نام اور پوٹینسی لکھ کر رکھئے۔ اگر اچانک کسی سبب سے شیشی کا لیبل اتر گیا ہو تو اس کا نام اور پوٹینسی آپ کو کارک کی پیشانی پر لکھی ہوئی معلوم ہو سکے گی۔

مقدار خوراک

اس مسئلہ کو سلجھانے کے لئے ڈاکٹر کلارک کی مایہ ناز تصنیف "ہومیو پیتھی آل اباؤٹ اٹ" کی نقل پیش کی جاتی ہے۔ آپ نے فرمایا ہے:

"جب ڈاکٹر ہنی مین صاحب نے نہایت ہی غور و خوض سے ادویات کا استعمال شروع کیا تو انہوں نے دیکھا کہ ادویات کی عام مقدار خوراک بڑی سرعت کے ساتھ کام کرتی ہے۔ جس کے ساتھ علاج کرتے کرتے تکالیف اچانک ہی تیز ہو جاتی ہیں۔ تب اس نے آہستہ آہستہ ادویات کی مقدار خوراک کم کرنی شروع کر دی۔ اس طرح سے اسے دوائی کی ایسی مقدار خوراک کا تجربہ حاصل ہو گیا۔ جس کے استعمال سے بغیر تیزی کے ہی صحت بحال ہو جاتی۔ کئی بار اس نے یہ بھی دیکھا کہ کم از کم دوائی دینے سے اس کا شفا بخش اثر بے حد بڑھ گیا ہے۔"

دوائی حل کرنا

وہ اشیاء جو دوائی کو حل کرنے کے لئے استعمال میں آتی ہیں۔ وہ سب ادویاتی اثر سے پاک ہوتی ہیں یعنی ان چیزوں میں ادویات جیسا کوئی اثر نہیں بلکہ ان کی مدد سے ہم دیگر ادویات کی طاقت بڑھا لیتے ہیں۔ ہومیو پیتھک ادویات میں استعمال ہونے والی اشیاء پانی کا عرق یعنی ڈسٹلڈ واٹر، ریکٹی فائیڈ سپرٹ اور دودھ کی کھانڈ یا گنے کی کھانڈ ہیں۔

مدر ٹنکچر

جب کسی ایک ادویاتی جڑی بوٹی یا کسی دیگر اشیاء کو جو کوب (کوٹ) کر ریکٹی فائیڈ سپرٹ یا ڈسٹلڈ واٹر میں مروجہ اصول (فارماکوپیا) کے مطابق بھگو دیا جاتا ہے تو کچھ (مقررہ) عرصہ کے بعد اس کا ادویاتی اثر اور رنگ اس سپرٹ یا عرق میں آ جاتا ہے۔ اس تیار شدہ چیز کو اس دوائی کا مدر ٹنکچر کہتے ہیں جسے سمجھنے یا لکھنے کے لئے انگریزی زبان کے (Q) حرف یا (Q) کے نشان) کو اس

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

تیار شدہ مدر ٹنکچر کے نام کے آگے لکھ دیا جاتا ہے مثلاً (Apis Q, Plantego Q) وغیرہ۔

پوٹینسی تیار کرنا

ڈاکٹر ہنی مین صاحب نے دوائی کی پوٹینسی تیار کرنے کا جو طریقہ رائج کیا۔ وہ یہ تھا کہ دوائی کو 1+99 کے حساب سے ریکٹی فائیڈ سپرٹ میں تیار کیا جائے یعنی دوائی کے ڈائیلوٹ ٹنکچر تیار کئے جائیں اگر کوئی ایسی دوائی ہو جو حل نہ ہو سکتی ہو تو اس کو مذکورہ تناسب سے ہی دودھ کی کھانڈ میں (نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر) سفوف بنا لیا جائے۔

1+99=100 کی سکیل۔ اس کی پہلی طاقت تیار کرنے کے لئے مطلوبہ دوائی کا ایک قطرہ لے کر ریکٹی فائیڈ سپرٹ کے 99 قطروں میں ملا لیا جائے۔ یہی طریقہ بار بار دہرایا جاتا ہے۔ اسی طرح مطلوبہ طاقت کی دوائی تیار ہو جاتی ہے۔ ہر اونچی طاقت کی دوائی تیار کرتے وقت اس کو خود اچھی طرح ہاتھ کے جھٹکے سے حرکت دی جاتی ہے یا شیشی کو ایک ہاتھ میں پکڑ کر دوسرے ہاتھ کی ہتھیلی پر زور سے دس بیس مرتبہ مار مار کر جھٹکا دیا جاتا ہے۔ اس دوا کے حساب سے تیار کی گئی دوائی کو سینٹی سزل کا طریقہ کہا جاتا ہے۔ اس طریقہ تیاری کا استعمال شری ہنی مین صاحب نے کیا۔ اس کے بغیر آپ نے دوسرا طریقہ استعمال نہیں کیا تھا۔

1+9=10 کی سکیل۔ یہ ڈیسی مل سکیل بعد میں رائج ہوئی ہے اور اس طریقہ سے تیار کی گئی دوائی پر طاقت (پوٹینسی) کا نمبر لگا کر اس کے بعد انگریزی حرف ایکس (X) یعنی دس یا ضرب کا نشان لگایا جاتا ہے تاکہ معلوم ہو سکے کہ یہ دس یا ڈیسی مل سکیل سے تیار شدہ دوائی ہے۔ اس میں اصل دوائی ایک حصہ اور دودھ کی کھانڈ 9 حصہ ملا کر (نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر) کھرل کی جاتی ہے۔ اگلی طاقت بنانے کے لئے پھر ایک حصہ اس تیار شدہ دوائی میں سے ہر ایک طاقت (پوٹینسی) کے نمبر کے ساتھ X نشان لگا دیا جاتا ہے۔ جیسا کہ 1x، 2x، 3x، 4x، 5x، 6x، 12x، 200 وغیرہ وغیرہ۔ یہ دس کی سکیل بایوکیمک ادویات کے لئے ہی رائج کی گئی ہے۔

یہاں صرف اشارہ کے طور پر درج کرنا پڑا ہے لیکن یہ کام خود کرنے کی بجائے کسی معتبر فارمیسی سے تیار شدہ ادویات ہی خرید لینا کافی ہے۔ یہ کام کسی بے کار دواساز کا ہے جو صرف اسی کام کو ہی کرنے کے لئے بیٹھا ہو۔ کاروباری پریکٹیشنرز کو اس کھجالت میں پڑنے کی فرصت کہاں؟ یہ پوٹینسیاں تیار کرنے کا کام تو "بیکار سے بیگار بھلی" والی بات ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پوٹینسی

لو پوٹینسی - 1 تا 6 نمبر تک
مڈل - 12 تا 30 نمبر تک
ہائی - 200 سے اوپر
مثلاً

C---100	100000 (ایک لاکھ)	
2C---200	500000 (پانچ لاکھ)	
D---500	1000000 (دس لاکھ)	
M---1000		

کون سی پوٹینسی کتنی بار دی جائے

یہ ہدایت صرف مبتدیوں کے لئے ہے۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ انہیں تب تک ہائی پوٹینسی کا استعمال نہیں کرنا چاہئے۔ جب تک کہ وہ خوب اچھی طرح تجربہ کار نہ ہو جائے۔ سب سے پہلے اپنی روزمرہ کی پریکٹس میں 3-6-12 طاقت یا 3x، 6x، 12x طاقت کی ادویات کا استعمال کرنا چاہئے اور ان چھوٹی طاقت کی ادویات سے پریکٹس کو ترقی دے۔ جب ان چھوٹی طاقتوں کا استعمال کرتے کرتے تجربہ کار اور ہوشیار ہو جائے تو پھر 30 اور 200 طاقت کی ادویات کے استعمال کا حوصلہ کرے پھر اس سے آگے قدم بڑھاتا بڑھتا چلا جائے۔ اگر تجربہ اور عقل ساتھ دے تو ایک ہزار (1000) یا اس سے بھی اونچی طاقتوں کا استعمال کر سکتا ہے۔ پہلے ہی سیڑھی کے سب سے اوپر والے ڈنڈے کو ہاتھ ڈالنے کی کوشش نہیں کرنی چاہئے، یہ نادانی ہے۔

مشہور ہومیوپیتھک آنجہانی ڈاکٹر ٹیلر کینٹ (امریکن) نے ایک دفعہ دوران لیکچر واضح طور پر یہ نقطہ دہرایا کہ:

"یاد رکھو! کہ ہائی پوٹینسی کی دوائی استعمال کرتے وقت ہم تیز دھار ہتھیار کے ساتھ کھیلتے ہیں۔ میں اس بات کو تو برداشت کر سکتا ہوں کہ مجھے بے شک ایسے کمرہ میں بند کر دیا جائے جہاں حبشی لوگ تیز استروں کے ساتھ میرا گوشت کاٹ کاٹ کر جسم سے الگ کر رہے ہوں مگر مجھے ایسے بے سمجھ معالج کے حوالے نہ کیا جائے جو ہائی پوٹینسی کی ادویات تجویز کرتا ہو۔ اونچی طاقت کی ادویات تجویز کرتا ہو۔ اونچی طاقت کی ادویات بے حد مفید بھی ثابت ہو سکتی ہیں اور

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حد سے زیادہ نقصان دہ بھی ہو سکتی ہیں۔"

ڈاکٹر کینٹ کی اس زبردست ہدایت کو ذرا کان کھول کر سننے کی ضرورت ہے کیونکہ وہ اس آرٹ کی رگ رگ کے واقف کار تھے۔

اب ہم نے اس بات پر غور کرنا ہے کہ کس خاص خاص مرض میں کون سی پوٹینسی کی دوائی استعمال کرنی چاہئے۔

پوٹینسی کے استعمال کا اصول

عام اصول یہ ہے کہ دوائی کی طاقت استعمال کرنے کا اصول مندرجہ ذیل باتوں کو مد نظر رکھ کر مقرر کیا جائے گا۔

-1 چھوٹی طاقت کی دوائی یعنی 1x، 3x، 6x یا نمبر 3 کی طاقت عام طور پر حاد امراض میں استعمال کی جاتی ہے۔

-2 درمیانی طاقت کی دوائی یعنی نمبر 12 نمبر 30 یا 12x کی طاقت کاروباری امراض میں استعمال کی جاتی ہے۔

-3 اونچی طاقت (ہائی پوٹینسی) یعنی 200 یا اس سے اونچی طاقت کی دوائی دماغی امراض کے لئے اکسیر اعظم کا حکم رکھتی ہے۔

-4 جب کسی مریض کی علامات کسی دوائی کی علامات کے ساتھ پوری طرح مشابہت رکھتی ہوں۔ وہاں بہت اونچی طاقت کی دوائی جادو کا کرشمہ دکھلاتی ہے۔ اس لئے 10M، 50M یا CM اور MM کا بھی استعمال ہو سکتا ہے۔

-5 جب دل، پھیپھڑے، گردے یا جگر کی تکلیف ہو تو چھوٹی طاقت کی دوائی دی جائے۔

نوٹ: مذکورہ الفاظ کی عام ہدایت سمجھنا چاہئے۔ مذکورہ پوٹینسیوں کے مسئلہ کو ہی پتھر پر لکیر نہیں سمجھ لینا چاہئے۔ پوٹینسی کے انتخاب میں تو تجربہ ہی پردھان ہے۔ اپنے اپنے تجربہ ہی سے پوٹینسی کا مسئلہ حل ہوتا ہے۔ اس کے متعلق جتنے منہ اتنے ہی اصول تیار بر تیار ملتے ہیں۔

دوائی کی مقدار خوراک

حاد یا شدید امراض میں مناسب دوائی روزانہ دن میں دو تین یا چار پانچ بار یا کئی کئی بار پانچ پانچ یا دس دس منٹ یا نصف گھنٹے کے وقفہ سے دی جا سکتی ہے۔ جو کہ چھوٹی چھوٹی پوٹینسی میں ہوتی ہے۔ ساتھ ہی کوئی چیز کھانے پینے کا کچھ وقفہ چھوڑنے کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مرض جتنا مزمن ہو گا۔ اتنی ہی دوائی کی طاقت بھی اونچی ہو گی اور 24 گھنٹے سے لے کر ایک ہفتے میں دو بار' ہفت وار' پندرہ روزہ یا ماہوار یا ہر دو ماہ یا چھ ماہ کے بعد بھی دوائی استعمال کرنے کا طریقہ رائج ہے۔ جس کو ہومیوپیتھک اصول کہا جاتا ہے۔ یہ بھی تجربہ پر ہی منحصر ہے۔ جوں جوں مریض کی حالت درست ہوتی جائے۔ اسی قدر دہرائی جانے کا وقفہ لمبا اور مقدار خوراک کم کرتے چلے جانا چاہئے تاکہ دی جا چکی دوائی اپنے اثر کو خوب اچھی طرح ظاہر کر سکے۔ سنہری اصول یہی ہے کہ:

"جب دوائی کا اثر ظاہر ہونے لگے۔ فوراً دوائی بند کر کے اس کے اثر کے نتیجہ کا انتظار کرنا چاہئے۔"

ہدایت: جب کوئی مریض ہومیوپیتھک دوائی استعمال کر رہا ہو تو اسے یہ ہدایت کر دینی ضروری ہے کہ وہ دوائی کے استعمال کے دوران کوئی خوشبو یا بدبو والی منشیات یا کسی قسم کی ادویاتی اثر رکھنے والی کوئی چیز استعمال نہ کرے مثلاً پیاز' لہسن' آچار' الائچی' لونگ' پان' تمباکو' افیون' شراب' کافی' چائے' گرم مصالحہ یا ایسی ہی اور کوئی شے وغیرہ۔ مگر ان اشیاء کے استعمال کے متعلق آنجہانی ڈاکٹر کاشی رام کی رائے اس اصول یا ہدایت کے بالکل برعکس ہے۔

سات اصول

1. ہر ایک قدرتی مرض اپنا آپ بذریعہ علامات ظاہر کرتا ہے۔
2. دوائی کا اثر تندرست انسانی اجسام پر تجربہ کر کے معلوم کرنا چاہئے۔
3. ہر ایک دوائی اپنے جیسی علامات والے مرض کو دور کر سکتی ہے۔
4. منتخب دوائی اکیلی استعمال کی جانی چاہئے۔
5. دوائی کم از کم مقدار میں استعمال کی جائے۔ جس کے ساتھ تکلیف مکمل طور پر دور ہو جائے۔
6. جب مرض کو آفاقہ ہونے لگے تو دوائی کی دہرائی بند ہو جانی چاہئے۔
7. جب دوائی کا اثر رک جائے تو دوائی کی دہرائی شروع کر دی جائے وغیرہ وغیرہ۔

دوائی کا اندرونی اور بیرونی استعمال

ہومیوپیتھک اصول کے مطابق اندرونی استعمال جائز ہے۔ بیرونی طور پر صرف مریض کی تسلی کے لئے زخموں پر کیلنڈولا لوشن کی پٹی تر کر کے رکھنا۔ درد والی جگہ پر آرنیکا ماؤنٹ وغیرہ کی

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بلی واش۔ کان کے درد کے لئے یا درد دانت کے واسطے پلانٹیگو مدر ٹنچر کا استعمال۔ آنکھوں کے واسطے یوفریشیا لوشن یا ہلکا سا کیلنڈولا لوشن وغیرہ ہی کافی ہے۔

چیر پھاڑ (سرجری)

جسم کا ہر حصہ اپنی اپنی جگہ ایک نہایت ضروری کام سرانجام دے رہا ہے۔ اس کے کٹ دیے جانے پر باقی اعضاء کو اس کا فرض بھی پورا کرنے کے لئے ان پر بوجھ ڈالنا بعید از عقل ہے۔ ہومیوپیتھی میں کسی کیس کو تب تک سرجری کے حوالے کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ جب تک یہ ثابت نہ ہو جائے کہ اس کے بغیر کاٹے کے زندگی کا بچاؤ مشکل ہے۔ خواہ مخواہ چھوٹی چھوٹی باتوں میں بھی سرجری کا سہارا لینا ہومیوپیتھک پریکٹیشنرز کے لئے ایک بڑی بھاری لعنت ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پانچواں باب

مریض کا معائنہ اور مرض کا نقشہ

مریض کی علامات کا ریکارڈ بھی اسی طرح تیار کرنا پڑتا ہے۔ جس طرح کہ اکیلی اکیلی دوائی کی جانچ اور تجربات تندرست انسانوں پر کر کے ان سے پیدا شدہ علامات کا ریکارڈ قائم کیا جاتا ہے۔

ہم مریض کو اپنی رام کہانی (ہسٹری) بیان کرنے کے لئے کہتے ہیں جو کچھ وہ بولتا جاتا ہے۔ اس کو ہم خاموشی کے ساتھ بڑے غور کے ساتھ سن سن کر کاغذ پر نمبروار نوٹ کرتے جاتے ہیں۔

دوسرا کام اس کی رام کہانی میں رہ گئی خامیوں یا کمیوں کو پورا کرنے کے لئے اس مریض پر سوال کرنا ہے۔ سوال ایسے طریقہ سے کرنے پڑتے ہیں۔ جن کا جواب مریض صرف ہاں یا نہ میں سر ہلا کر ہی پیچھا چھڑانے کی کوشش نہ کرے اور ہمارے ہاتھ کچھ بھی نہ لگے بلکہ ہمارے سوالات کا جواب مریض کو زبان سے بول کر واضح طور پر دینے کے لئے مجبور ہونا پڑے۔

مریض کے بیان کو مکمل کر چکنے کے بعد ہم مریض کے جسم کی مناسب جانچ اپنے تجربہ اور مشاہدہ کی بناء پر کرنی ہے۔ جو' جو علامات ہمیں صاف صاف نظر آ رہی ہوں گی۔ انھیں بھی نوٹ کرنا ہوگا۔ اس طرح کرنے سے ہمارے دماغ میں ایک فلم سی تیار ہو جائے گی۔ یہ کیس لینے کا کام بعض دفعہ تو چند منٹوں یا گھنٹوں میں ہی پورا ہو جاتا ہے۔ مگر کئی پیچیدہ کیسوں میں کئی دن تک جانچ پڑتال کرنی پڑتی ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ پہلی دفعہ ہی لئے گئے علامات کے نوٹ صحیح تسلیم کر لئے جائیں۔ ہاں کئی مزمن کیس پہلی بار ہی صحیح دوائی کی علامات پیش کر دیتے ہیں۔ ایسے واضح کیسوں کو خواہ مخواہ طول دینا بھی عقلمندی کی بات نہیں۔ ہاں! اگر کوئی کیس صحیح طریقہ سے دوائی کی علامات ہمارے سامنے پیش کرتا نظر نہیں آتا تو اس مریض کا پیچھا تب تک نہیں چھوڑنا چاہیے۔ جب تک کہ مرض اور دوائی کی مشترکہ علامات کی تصویر صاف صاف ظاہر نہ ہو جائے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

تازہ کیسوں میں علامات صاف ہونے کے سبب نتیجہ تک پہنچنے میں دیر نہیں لگتی۔ مگر جن مریضوں نے کافی عرصہ تک دیگر گروہ پیتھیوں کی ادویات استعمال کی ہوں۔ وہاں تو مہینے لگ جاتے ہیں۔ یہ سب باتیں ہومیوپیتھک سائنس کے ساتھ تعلق رکھنے والی ہونے کے باعث بیاں درج کرنی ضروری سمجھی گئی ہیں۔

یہ آسان اور سیدھا سادہ مختصر سا طریقہ مریض کے معائنہ کا شری ہنی مین صاحب کے وقت سے ہی رائج ہے۔ اس معائنہ میں ہم اپنی طرف سے کوئی خیالی تصویر شامل بیان نہیں کر سکتے۔ اس طریقہ سے معائنہ کرنے کے یہ فائدے ہیں:

1- جب مریض کے اپنے بیان کو حرف بحرف نوٹ کر لیا جاتا ہے تو مریض کے چلے جانے کے بعد بھی اس نقشے کو سامنے رکھ کر اور بھی بہت کچھ سوچ وچار اور تحقیقات کر سکتے ہیں۔

2- اس نقشے پر ضروری بیان کے علاوہ استعمال کی جا چکی ادویات اور ان کی پوٹینسی دہرائی کی تاریخ یا وقت تحریر کیا جاتا ہے۔

3- مریض کی پہلی اور موجودہ علامات کا مقابلہ اس نقشے کی مدد سے بڑی آسانی کے ساتھ کر سکتے ہیں۔

4- دشمن کے حملہ کرنے کی سکیم کی طرح مرض کے حملہ کرنے کی سکیم بھی ہمیں مندرجہ بالا بیان کے مطابق اس نقشے سے ہی معلوم ہو سکتی ہے۔ دشمن یعنی مرض کی مکمل سکیم کے مطابق ہی اس کا مقابلہ اور روک تھام کرنے کے لئے ہم اپنی ادویاتی قوت کا استعمال کر سکتے ہیں۔

5- کوئی بھی ڈاکٹر اکیلے مریض کی تمام علامات سلسلہ وار یاد نہیں رکھ سکتا۔ بعض دفعہ ڈاکٹر کی اس کمزور یادداشت کا نتیجہ بیچارے غریب مریض کے لئے نہایت ہی نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ اگر مکمل علامات کا نقشہ ڈاکٹر کے پاس موجود ہو تو ہر ضرورت کے موقعہ پر اس کا بخوبی مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔

6- مرض اور علاج کا ریکارڈ بڑے کام کی شے ہے۔ بعض دفعہ کسی مریض کو اپنے خانگی وجوہات کے سبب ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا پڑتا ہے تو اس کی مرضی اگر ہومیوپیتھک ڈاکٹر سے ہی علاج کرانے کی ہو تو وہی ریکارڈ اس کے ساتھ ہی بھیج دیا جا سکتا ہے اور اسی سکیم کے مطابق آئندہ بھی علاج جاری رکھا جا سکتا ہے۔

مریض کے معائنہ کے وقت اس کا نام، عمر اور کاروبار وغیرہ ضرور نوٹ کرنا چاہئے کیونکہ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کئی تکالیف عمر اور کئی کاروبار سے تعلق رکھتی ہیں مثلاً چھوٹی عمر میں قوت ہاضمہ' جوانی میں سوزشی امراض' بڑھاپے میں کمزوری اور غشی وغیرہ۔ کاروبار سے متعلقہ امراض بھی بے شمار ہیں مثلاً روئی کا کام کرنے (پینجنے' روئی دھنکنے) والے کو سانس کا مرض دمہ وغیرہ اور دھات کا کام کرنے والے یا رنگریز کو قولنج' ٹائپ' ٹیلی گرام (تار) ہارمونیم باجا بجانے والوں کو لرزہ' فالج اور نیلس جیسی تکالیف کا شکار ہوتے دیکھا گیا ہے۔

بس درست طریقہ سے مریض کا معائنہ کرنا ہومیوپیتھک علاج میں ایک دشوار گزار مرحلہ ہے۔ اس سفر کو طے کر چکنے کے بعد ہی اپنی کامیابی اور ناکامیابی کا پتہ چل جاتا ہے۔ یہ مسئلہ اتنا وسیع' کشادہ اور ضروری ہے۔ جتنا کہ دوائی کا منتخب کرنا مشکل کام ہے۔ دوائی بھی تبھی ہی منتخب کی جا سکتی ہے۔ جب کہ یہ مسئلہ حل ہو جائے۔ اس لئے ضروری ہے کہ:

1- مریض کے ساتھ خوش مزاجی اور خندہ پیشانی سے پیش آنا ہی اس کے واسطے دوائی سے بھی بڑھ کر ضروری بات ہے۔

2- مریض کا معائنہ کرتے وقت مریض کا چہرہ روشنی کی جانب ہونا ضروری ہے۔ اس طرح مریض کے اندرونی خیالات اس کے چہرہ پر سے بخوبی پڑھ سکو گے اور مریض کو آپ کے متعلق کوئی شک و شبہ بھی نہیں گزرے گا کہ آپ اس کے دل کی بات سمجھنے کی کوشش کر رہے ہیں چونکہ چہرہ ہی دل کا شیشہ (آئینہ) ہوتا ہے۔ چہرہ پر سے دل کی تمام کیفیت مکمل طور پر سمجھی جا سکتی ہے۔

3- کئی مریض دل و دماغ سے متعلقہ واقعات کا شکار ہوئے ملتے ہیں۔ اس واسطے مرض کے متعلق بات چیت شروع کرنے سے پیشتر دل بہلانے کے لئے ادھر ادھر کی کوئی بات شروع کر کے مریض کو اصل معاملے کی طرف راغب کرتے جانا چاہئے۔

4- درمیان سے بغیر روک ٹوک کے مریض کو اپنی رام کہانی سناتے چلے جانے دو اور ضروری باتیں نوٹ کرتے جاؤ۔

5- تمام کہانی سننے سے پیشتر مریض کا نام' عمر' مرد' عورت' جسمانی بناوٹ (قد و قامت) رنگ وغیرہ کاغذ پر یا فارم پر نوٹ کر لیں۔

6- جب مریض اپنی رام کہانی سنا چکے تو ضرورت کے مطابق خامیوں کو مکمل کرنے کے لئے مریض پر مناسب اور ضروری سوالات کر سکتے ہیں۔ اب دوائی کا انتخاب کرنے کے لئے خیال رکھنا چاہئے کہ:

”مرض کب شروع ہوا؟ اور اگر مریض اس کا سبب بھی بیان کر سکے تو اور بھی بہتر

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"جسم میں کسی قسم کے دکھ درد کی ٹھیک حالت اور جگہ؟"

"درد کی قسم' جلن دار' لہردار' ڈنگ مارنے یا کاٹنے کی طرح یا پھاڑنے یا کوٹنے کی طرح کا ہے۔ درد؟"

"درد لگاتار یا ٹھہر ٹھہر کر ہوتا ہے؟"

"تکلیف میں کمی بیشی دن یا رات کے وقت یا کس موقع پر ہوتی ہے؟"

"کس طرح کے موسم میں مریض کو تکلیف یا آرام رہتا ہے؟ یعنی مریض کو کون سا موسم اچھا رہتا ہے اور کون سا تکلیف دہ؟"

"کن کن اشیاء کی خواہش اور کن سے نفرت ہے؟"

"سرد یا گرم کن چیزوں سے آرام یا تکلیف میں اضافہ ہوتا ہے؟"

"پیاس' پیشاب اور پاخانہ کی حالت؟"

"نیند یعنی رات کو نیند آتی ہے یا نہیں؟ نیند میں بے چینی یا آرام' خواب آور نیند ہو تو خواب کس طرح کے آتے ہیں؟

"مزاج خاموشی پسند ہے یا اس کے برعکس (باتونی' ہذیانی)؟"

"کن باتوں یا چیزوں یا حالتوں کو پسند کرتا ہے یا برا مانتا ہے؟"

"خوش مزاج ہے یا سڑیل (چڑچڑا) یا باتونی' نرم مزاج یا سخت طبیعت ہے؟"

"اپنی زندگی یا گھر والوں یا رشتہ داروں' دوستوں یا ہجوم سے خوش ہے یا متنفر؟"

نوٹ: یہ مزاج والا باب سب سے پہلے شروع کیا جائے۔ اس نہایت ضروری واقفیت کو بڑی ہوشیاری کے ساتھ سرانجام دینے کی ضرورت ہے۔

یہ سب باتیں صرف اشارتاً ہی نوٹ کی گئی ہیں۔ پوری ہسٹری لینے کے لئے فارم کا نقشہ اسی شاہکار میں آگے چل کر درج کیا گیا ہے۔ اس میں سے وہ غیر ضروری حصے چھوڑ دیئے جا سکتے ہیں۔ جن کے ساتھ آپ کے مریض کا کوئی تعلق نہ ہو۔

"تعلقاتی اثر' حقیقی رشتہ دار مثلاً ماں' باپ وغیرہ کسی کو کوئی خاص بیماری تو نہیں ہوئی تھی؟"

"کیا مریض کے ٹیکہ وغیرہ لگا ہوا ہے؟"

"کوئی پرانا مرض جو پہلے لاحق ہو چکا ہو مثلاً پھوڑے' پھنسی' خارش' سوزاک' آتشک' نمونیہ اور ملیریا وغیرہ؟"

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مرض کو ریکارڈ کرنے کے لئے الگ الگ اعضاء کے متعلق سوال کرنے کے لئے بھی ایک نقشہ پیش کرنا کوئی غیر ضروری نہیں ہوگا۔ مرض سے متعلقہ سوالات اس نقشہ میں سے منتخب کر کے کیس کو مکمل کیا جا سکتا ہے۔ غیر ضروری سوالات چھوڑ دیئے جائیں۔

کیس لینے کا چارٹ

جب بھی کسی مریض کا کیس لینا مطلوب ہو۔ مندرجہ ذیل چارٹ سے مطابق ان میں سے متعلقہ سوال کر کے اپنے کیس کو مکمل کیا جا سکتا ہے۔ سوال مریض پر یا اس کے گھر والوں پر ایسے طریقہ سے کرو کہ مریض یا اس کے گھر والوں کو پورا پورا حال بیان کرنے کے لئے مجبور ہو جانا پڑے۔ صرف ہاں یا نہ کے ساتھ سر ہلا کر ہی ختم نہ کر دے۔ موٹی سرخیوں سے متعلقہ اشاروں میں سے اپنی ضرورت کے مطابق سوال کریں۔ مریض کا نام' عمر' سرنامہ' تاریخ (کیس لینے کی) نوٹ کریں۔

قد لمبا' درمیانہ' بھاری' چپلا وغیرہ کس قسم کا ہے؟

رنگ کالا' گورا' سفیدی مائل' زرد وغیرہ؟

مزاج' خوش مزاج' رونی صورت' سڑیل' چڑچڑا' وہمی' غصیلا' ضدی' متکبر' شکی' پریمی' مایوس' لاپروا' بکواسی' تیز طرار' کاہل' موت سے' ہجوم سے' اندھیرے میں' گھر میں' باہر جاتے وقت یا کسی اور قسم کا ڈر لگے۔ مالی نقصان کا غم' روحانی گھبراہٹ' زندگی سے لاچار یا گھر والوں سے نفرت یا محبت۔ کس طرح کی خودکشی پسند کرتا ہے؟

دماغ: یادداشت کمزور' تحریر و تقریر میں غلط الفاظ کا استعمال کرنا' مرگی' ہسٹریا یا بے ہوشی وغیرہ کا عالم؟

سر: بال جھڑنا' بھوسی' بال جلد سفید ہو جائیں۔ سر سے سینک نکلے' سرد رہے' جکڑا رہے' پھٹا جائے' ہتھوڑے بج رہے ہوں' چکر' درد' درد شقیقہ' درد کس جانب ہوتا ہے؟ درد کس وقت سے کس وقت تک رہتا ہے؟ درد کی کمی بیشی کا وقت' حالت یا موسم' بوجھ کا احساس' پسینہ' جوئیں' پھوڑے پھنسیاں' ایگزیما' گنج' بال ٹوٹ رہے ہوں' بال ہلکے' ملائم' موٹے' بھارے' بھورے' کالے' کھردرے' کنڈل دار' بال کٹوانے' کے بعد علامات میں کمی بیشی؟

نیند: غنودگی کی حالت' بے ہوشی' بے چینی' معمولی نیند' سونے کا طریقہ' سونے و جاگنے کا وقت' ہذیان' نیند کی حالت میں اٹھ کر چلنے لگنا' ڈر کر اٹھے' خواب کس قسم کے آتے ہیں۔ نیند کس وقت اچاٹ ہو جاتی ہے؟

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کان: کان کے اندر پھنسی' سوزش' خشکی' ٹیس پڑے' بوجھ محسوس ہو' پھٹ پھٹ بجنا' بند' بہراپن' کوئی چیز پڑ جائے' میل کا جم جانا' پانی یا پیپ کا بہنا' مواد کا رنگ و بو' پتلا یا گاڑھا' کسی طرح کی آوازیں۔

آنکھیں: آشوب چشم' خشک خارش پانی بہے' درد' ککرے' سوزش' زخم' نصف نظری' ہر شے دوہری نظر آئے' دور نظر آئے' نزدیک نظر آئے' پلکوں کا گلنا' پڑوال' بال گرنا' اندھیاری (گوہانجنی) پھولا' موتیا بند' جالا' دھندلاپن' ترمرے' لیمپ کی روشنی کے گرد رنگ برنگ کے گھیرے نظر آئیں۔ دن کے وقت آنکھوں کے سامنے سانپ نظر آئیں۔ باریکی کا کام کرتے وقت یا لکھتے پڑھتے وقت پانی بھر آئے یا تھکاوٹ محسوس ہو' کالا موتیا' بھینگاپن وغیرہ وغیرہ۔

چہرہ: موم کی طرح چکنا' تیلیا' خشک' کیل' مہاسے' زردی مائل' سرخ' سفید' گورا' کالا' پسینہ سے تربتر' بوڑھوں کی مانند جھری دار۔

منہ: پک جانا' سرخ یا سفید رنگ کے چھالے' زبان پر زرد' سفید یا نیلی میل کی تہ' زبان پر بال کا احساس' رال بہے' خشک یا تر' بو آنا' ذائقہ' زبان پر کوئی اور نشان وغیرہ' مسوڑھوں سے خون یا پیپ آئے۔ مسوڑھے پھولے ہوئے' گرم' سرد یا میٹھی چیز سے تکلیف ہو۔ دانتوں کو کرکرا لگنا' تتلا کر یا ہکلا کر بولے' لکنت' ممیا کر بولے' گونگا پن' حلق کے غدودوں کی کوئی تکلیف' حلق میں خشکی اور درد وغیرہ۔ خشک کھانسی کی سی کرکری پیدا ہو۔ کچھ نگلتے وقت رنگ یا کوئی دیگر علامات۔

پیٹ: بھوک تیز' مدھم اور بند' قم معدہ' ہچکی' غذا سے نفرت' مرغن غذا کی بو سے نفرت' ڈکار کس طرح کے آتے ہیں؟ ڈکار آنے سے کمی بیشی' فم معدہ میں جلن' متلی' قے' پیاس' پاخانہ کتنی دفعہ اور کس قسم کا (رنگ' بو' شکل) پاخانہ کے وقت پہلے یا بعدازاں کوئی تکلیف' قبض' کانچ' پیچش' اسہال' سنگرہنی' پاخانہ واپس اندر کو چلا جائے۔ چھوٹے (قسم) بواسیر' بدہضمی' پاخانہ خشک مینگنی کی طرح ٹوٹ ٹوٹ کر آئے۔ ضعف جگر' ورم جگر' درد جگر' پتہ کی زیادتی' تلی کا بڑھنا' استسقاء یعنی جلودھر' نفخ' بدبودار ریاح کا اخراج' پیٹ میں گڑگڑ کر آواز۔

سینہ (چھاتی): سائیں سائیں کی آوازیں' گھڑ گھڑ سانس آرے کی طرح چلے' تر یا خشک کھانسی' بلغم کا اخراج یا بند' بلغم کا رنگ و شکل ذائقہ وغیرہ' پسلی درد' نمونیہ' چھاتی کی جکڑن' سانس کھچاوٹ کے ساتھ آئے۔ سانس کھینچتے یا خارج کرتے وقت تکلیف' کھانسی میں ہتھو یا قے آ کر بلغم کا اخراج' کس پہلو لیٹنے سے تکلیف میں اضافہ یا آفاقہ' بلغم کس وقت خارج ہوتی ہے؟ دل کی جکڑن محسوس ہو' دھڑکن' دل کا پھٹ پھٹ بجنا' ٹیس' سوزش (ورم)' دل گھٹنا'

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

تکلیف میں کمی بیشی کا وقت اور پسینہ وغیرہ۔

پشت: درد ریڑھ، درد نیچے سے اوپر یا اوپر سے نیچے کو چلتا ہو یا ایک ہی جگہ قائم ہو۔ دائیں بائیں درد، بل پڑنا (موچ)، درد گردہ (دایاں بایاں)، درجہ درد (جھٹکنے سے، چوٹ سے، بوجھ اٹھانے سے)، تکلیف میں کمی بیشی کا وقت یا موسم یا حالت یا کسی پہلو کے بل لیٹنے سے وغیرہ
وغیرہ۔

ہاتھ پاؤں: تلوؤں میں پسینہ کی حالت، خشک، تر، گرم اور سرد، چنگاریاں، بوائیاں پھٹنا، چمڑی اکھڑنا، ایگزیما، چھالے، برناسہ (چنبل) پاؤں (ہاتھ کی انگلیوں کے درمیان خارش)، ناخن ٹوٹنے اور گوشت میں دھنسنے یا بدرنگ، پتلے، ہاتھ، پاؤں کی انگلیوں کی سوزش، درد جوڑ، چلتے وقت جوڑ آواز کریں (کڑکن)، کون سا پاؤں یا ہاتھ سرد یا گرم۔ درد لنگڑی (عرق النساء) کس جانب سے ہے، درد نیچے سے اوپر کو یا اوپر سے نیچے کو چلتا ہے اور درد کہاں سے شروع ہوا تھا۔ انگلیوں پر اٹن یا بھوریاں (چنڈیاں) وغیرہ وغیرہ۔

جلد: خارش، کمی، بیشی کا وقت، حالت (موسم یا سبب) جلد خشک یا تر، چھپی چھپی سی، کیل مہاسے، اٹن، چنڈیال، پھلبہری، تھم، پھوڑے پھنسیاں بار بار نکلنا اور ان کی شکل، قسم، کاربنکل، کینسر، رسولیاں، ہومز، خشک، سوزش، سرخی، چھپاکی، کوئی مرض دب کر کوئی تکلیف پیدا ہو گئی ہو۔

امراض مستورات

لیکوریا (رنگ، پیلا، گاڑھا، سادہ، تیزابی، جلن دار، بدبودار، زیادہ یا کم، کب سے)، اسقاط حمل (بار بار)، حیض (درد والے، بغیر درد، پہلے یا بعد میں یا ہر وقت درد) رنگ، سرخ، سیاہ لوتھڑے دار یا سادہ، پتلے، گاڑھے، تھوڑے یا زیادہ، کتنا عرصہ رہتے ہیں۔ حیض وقت پر یا بے وقت یا بند بمعہ سبب، بانجھ پن، حیض دن کو یا رات کو جاری یا بند یا لگاتار، چلتے یا لیٹتے وقت جاری یا بند، حیض زیادہ یا درد زیادہ، بچے دانی کی سوزش، درد رسولی، بچے دانی کس جانب کو یا نیچے کو یا باہر کو لٹک جانا، اندام نہانی کے اندر یا باہر خارش، دودھ کی کمی بیشی، پستانوں کی سوزش، ورم، دودھ کا بخار، درد زچگی اصلی یا نقلی، جنین کا الٹ جانا، بچہ کا دیر سے یا تکلیف سے پیدا ہونا، آنول دیر سے خارج ہو وغیرہ وغیرہ۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

امراض مردانہ

جوانی کی غلط کاریاں، خصیوں میں پانی بھر جانا، ہرنیا، چڈھوں کی خارش، اعضائے تناسل پر دانے، نلوں پر پسینہ، جریان منی، سرعت، سوزاک، آتشک، جلق و احتلام وغیرہ۔

پیشاب: بار بار، بوند بوند، بکثرت، مسلسل بول، بند، درد کے ساتھ، گردہ، مثانہ کی سوزش، چھری، پیشاب کے پہلے یا بعد میں ٹیس، جلن، ڈنک کی مانند درد، نالی میں سوزش، پیشاب روکنا مشکل، ہنستے، کھانستے، چھینکتے وقت خود بخود خارج ہو جائے۔ سرد پانی چھوتے ہی خارج ہو جائے۔ خواب میں خارج ہو۔ بچہ پہلی یا پچھلی رات بستر پر پیشاب کر دے، بدبو دار یا کس رنگ کا پیشاب، نیچے کوئی شے تہ نشین ہو جائے۔ ذیابیطس، پیشاب کرتے وقت جھنجھناہٹ، پیشاب گرم یا سرد۔

پسینہ: کس اعضاء پر کم یا زیادہ آتا ہے ننگے حصے پر یا ڈھکے ہوئے حصے پر آتا، نیند میں یا جاگتے وقت آتا ہے، دائیں یا بائیں جانب، کس طرح کی بو والا۔ کپڑے پر پسینہ کا کون سا رنگ ظاہر ہوتا ہے۔ کھانا کھاتے وقت پسینہ آتا ہے یا نہیں وغیرہ وغیرہ۔

بخار: بخار کے شروع میں، دوران میں اور بعد میں تکالیف کی تشریح، شروع اور اختتام کا ٹھیک ٹھیک وقت، پسینہ آ کر اترتا ہے یا بغیر پسینہ کے، پیاس پہلے یا دوران یا بعد میں (کس وقت لگتی) لگتی ہے۔ لرزہ کے وقت پیاس لگتی ہے یا بعد میں، بخار لرزہ کے ساتھ چڑھتا ہے یا بغیر لرزہ کے۔ اگر ساتھ ہی قے آتی ہے تو اس کا رنگ، بو، ذائقہ وغیرہ۔ بخار کتنا عرصہ رہتا ہے تیز یا ہلکا، پیاس زیادہ یا معمولی، منہ سوکھتا ہے یا نہیں۔ ساتھ میں کمر، پشت، سر درد کرتے ہیں یا نہیں، قبض اور بھوک کی حالت کیا ہے۔ بخار روزانہ ہوتا ہے یا تیسرے یا چوتھے یا کتنے روز کے بعد۔ منہ کا ذائقہ وغیرہ۔

امراض خاندانی

ماں، باپ، بہن، بھائی وغیرہ کسی کو ان میں سے کوئی مرض ہوئی ہو مثلاً تپ دق، دمہ، آتشک، سوزاک، گنٹھیا، مرگی، پاگل پن، فالج، لقوہ، ٹیٹنس، خارش، نلوں میں پانی اترنا، ہرنیا، بواسیر، موتیا بند یا کوئی اور اعصابی مرض وغیرہ۔

نفرت: روشنی، اندھیرا، گھر کے افراد، انڈہ، دودھ، گوشت، گھی، مٹھائی، کھٹائی، نمکین، شے، مرغن غذا، پھل، گرم یا سرد اشیاء، گانا، بجانا، شور وغل، کھلی ٹھنڈی ہوا، دماغی یا جسمانی محنت وغیرہ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

خواہش: گود میں رہنا، لیٹے رہنا، بند کمرہ، کھلی ہوا، گرم سرد اشیاء کا استعمال، نمک، مٹھائی، کھٹائی، کوئلے، مٹی، مصالحہ دار غذا، شراب، تمباکو، انڈے، گوشت، پھل، دودھ وغیرہ وغیرہ۔

متفرق علامات

1- تکلیف میں کمی بیشی کب ہوتی ہے مثلاً دن یا رات کو بھیگنے سے، سمندری پانی یا کنارے رہنے سے، موسم کی تبدیلی سے یا کوئی اور چیز کھانے پینے سے، آندھی، طوفان کی آمد سے پہلے یا بعد یا دوران میں۔ گرمی یا سردی سے، کس موسم میں، روشنی یا اندھیرے پکش میں، اماوس یا پورنماشی کو، اوپر چڑھنے یا دیکھنے، نیچے اترنے یا دیکھنے سے، روشنی یا اندھیرے سے کمرہ میں، ہجوم میں یا تنہائی میں۔

2- مریض کو اس سے پہلے کوئی تکلیف ہوئی ہو، پھوڑے پھنسی والے یا کوئی اور جلدی تکلیف، کس طرح یا کب دبا دیا گیا۔ پارہ، کونین، سنکھیا یا ایلوپیتھک تیز ادویات کا ناجائز طور پر کب اور کتنا عرصہ استعمال کیا گیا۔ چیچک کا ٹیکہ لگا ہو تو اس کے کوئی بدنتائج یرقان (انیمیا)، دمہ، بواسیر، نمونیہ، ذیابیطس، گنٹھیا، شراب کی عادت، داد، کھجلی، چیچک، کوئی عضو مارا گیا ہو۔ لقوہ، کن پیڑے، اگزیما، دانت میں کیڑا، چھوتے، سوزاک، ملیریا، آتشک، نلوں میں پانی اترنا، ہرنیا، پیچش، ہیضہ، سنگرہنی، امراض جگر، معیاری بخار، تلی بڑھنا، کثرت الطمث، لیکوریا، ہاضمہ یا نیند میں گڑبڑ، بچپن میں کسی شدید مرض کا شکار ہو چکا ہو۔ جلن کے بدنتائج، بولنا، چلنا دیر بعد سیکھا ہو۔ دانت دیر بعد نکلے ہوں۔ ہڈیوں کی کمزوری، جسمانی رطوبت کسی راستے زیادہ خارج ہو چکی ہو اور اس کی مقدار، رنگ یا بو، گاڑھا یا پتلا اخراج وغیرہ وغیرہ؟

3- کس پہلو زیادہ لیٹتا ہے اگر بڑھاپا جلد آگیا ہو، کمزوری اور اس کی قسم، سبب اور کب سے ظاہر ہوئی، زخم جلدی ٹھیک ہو جاتے ہیں یا نہیں، معمولی چوٹ یا کھجلایا جلدی پک جانا، زخموں سے خون، پانی وغیرہ جلدی جاری ہو جانا، اندرونی اخراج سے تکلیف میں اضافہ و آفاقہ وغیرہ۔

4- علامات مرض کس حالت میں تیز اور مدھم ہوتی ہیں؟

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دوائی کا صحیح انتخاب

مریض کا معائنہ کر چکنے کے بعد ضروری بات دوائی کا انتخاب ہے۔ جو کہ مریض کی تمام علامات کے ساتھ صحیح مناسبت رکھتی ہے۔ وہ کس طرح؟

اس کام کے لئے آپ کے پاس ایک سلیبس اور صحیح میٹریا میڈیکا اور ایک ریپرٹری کا ہونا ضروری ہے۔ یہ ہر دو کتب ہر ہومیوپیتھ کے پاس ہونی لازمی ہے۔

میٹریا میڈیکا اس کتاب کا نام ہے۔ جس میں ہر ایک دوائی کے تحت ان تمام علامات کو ایک جگہ اکٹھا کر دیا گیا ہے۔ جو کسی تندرست آدمی پر تجربہ یا مشاہدہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ تمام ظاہراً علامات کو ہر ایک دوائی کے تحت الگ الگ عنوان سے یعنی سر، دماغ، چہرہ، چشم، ناک، کان، معدہ، شکم، تنفس، پیشاب، ہاتھ، پاؤں وغیرہ وغیرہ سرخیوں کے تحت درج کیا جاتا ہے۔

ریپرٹری اس کتاب کا نام ہے۔ جس میں تجربہ شدہ دوائی کے تحت تمام علامات کو اس طرح اکٹھا کیا جاتا ہے کہ بوقت ضرورت آسانی سے مل سکیں۔ انہیں الگ سرخیوں کے نام سے تقسیم کیا جاتا ہے۔ جو کہ عین انہی سرخیوں کے مطابق ہوتی ہیں۔ جن کے ماتحت میٹریا میڈیکا میں کسی دوائی کا ذکر کیا جاتا ہے۔ فرق صرف یہ ہوتا ہے کہ ریپرٹری میں مثال کے طور پر دل و دماغ کی سرخی کے تحت صرف ان علامات کو ایک جگہ اکٹھا کیا جاتا ہے جو کہ میٹریا میڈیکا میں کسی بھی دوائی کے استعمال سے دماغ پر ظاہر ہوتی ہیں۔ اس گتھی کو ایک مثال کے ذریعے سلجھانے کی کوشش کی جاتی ہے مثلاً ایک مریض کو مٹھائی کی خواہش رہتی ہے۔ اس کے لئے ان ادویات کا چناؤ کیا جا سکتا ہے:

امونیم کارب، آرجنٹم نائٹریکم، برائی اونیا، کلکیریا، کاربوویج، چائنا، اپیکاک، کالی کارب، لائیکوپوڈیم، مگنیشیا میور، نیٹرم کارب، پلمبم، ریوم، رسٹاکس، سباڈلا، سکیل کار، سیپیا، سلفر

مذکورہ بالا چار ادویات کے نیچے لکیر دی گئی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ لکیر والی دوائیاں شدید علامات پیدا کرتی ہیں جو پہلے نمبر پر ہیں۔ باقی بغیر لکیر کے نرم اثر رکھنے والی ادویات دوسرے نمبر پر ہیں۔

اب آپ مریض کی ہر ایک علامات کو ریپرٹری میں دیکھیں۔ ہر ایک علامت کے لئے جو ادویات ریپرٹری میں دی گئی ہیں۔ وہ اس کے سامنے لکھ لیں۔ ان میں سے موٹے اور باریک حروف میں درج ادویات میں فرق آپ اپنی عقل اور مشاہدہ سے کر سکتے ہیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جب اس طرح آپ کے مطلب کی مناسب دوائی مل جائے تو پھر اس دوائی کو میٹریا میڈیکا ذرا تلاش کر کے مطالعہ کریں اور پھر دل و دماغ سے کام لے کر اس بات کا فیصلہ کر لیں کہ یہ دوائی آپ مریض کے مکمل مرض پر غالب آسکتی ہے۔

اگر دوائی مرض کے مطابق علامات سے صحیح ٹکرا جائے تو آپ فوراً بے کھٹکے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ کام مشکل تو ضرور ہے مگر نئے طلباء کے لئے ایک نہایت ہی ضروری اصول ہے۔ اس پر پابند رہنا ان کے لئے لازمی ہے۔

جوں جوں تجربہ بڑھتا جائے گا۔ محنت کم ہوتی جائے گی مگر یہ بات ضروری یاد رکھنی چاہیے کہ ہومیوپیتھی لوہے کے چنے چبانا ہے۔ مکمل تجربہ کار ہونے کے بعد بھی اس اصول کو چھوڑ کر آپ بچ نہیں سکتے۔

مذکورہ سطور کو پڑھ کر اس غلط فہمی کا شکار نہیں ہونا چاہیے کہ درست دوائی کا چناؤ بچوں کا کھیل ہے۔ یہ خیالی پلاؤ حقیقت سے کوسوں دور ہے۔ جس کی وجوہات مندرجہ ذیل ہیں:

یہ یاد رہے کہ جب آپ مریض کا معائنہ کریں گے تو وہ آپ کو اپنی علامات ریپرٹری اور میٹریا میڈیکا کے مطابق بیان نہیں کرے گا بلکہ وہ تو اپنے روزانہ کے خانگی طریقہ کے بول چال سے بیان کرے گا۔

آپ کو بالکل مستعدی ہونے کی صورت میں ایک بڑی بھاری مشکل یہ درپیش آئے گی کہ آپ کو مریض کے طریقہ بیان کو ریپرٹری اور میٹریا میڈیکا کے مطابق اس سانچے میں خود کو ڈھالنا پڑے گا۔ یہ چیز آہستہ آہستہ تجربہ سے ہی حاصل ہو سکتی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

چھٹا باب

ہومیو پیتھی کس طرح پڑھنی شروع کی جائے؟

آنجہانی ڈاکٹر جے' ایچ کلارک (ایم' ڈی) نے اس مسئلہ کو اپنی تصنیف "دی پریسکرائبر" کے دیباچہ کے صفحہ 36 پر یوں بیان کیا ہے:

"ہومیو پیتھی میں علاج کرنے کی مثال ایک بدیشی بھاشا کے الفاظ کے ساتھ دی جاسکتی ہے۔"

"ہومیوپیتھک طریقہ علاج سیکھنے والے طلباء کو چاہیے کہ سب سے پہلے کم از کم ایک درجن کے قریب عام استعمال میں آنے والی ادویات سے متعلق مکمل طور پر واقفیت حاصل کی جائے اور ان تمام خوبیوں کو زبانی یاد کرلیا جائے۔ جو مرض کی علامات اور اوقات مرض کے ساتھ تعلق رکھتی ہوں۔"

نیچے ان ادویات کی فہرست درج ہے۔ جو نہایت ضروری خیال کی جاتی ہیں:

"ایکونائٹ' سلفر' نکس وامیکا' برائی اونیا' بیلاڈونا' آرسنک ایلب' سلیشیا' ہیپر سلفر' چائنا' تھوجا' پلسٹلا' کلکیریا کارب' کاسٹیکم' لیکیسس' نیٹرم میور' فیرم فاس وغیرہ۔

مذکورہ ادویات کے متعلق علامات کی واقفیت حاصل کرنے کے بعد مبتدی اپنے مریضوں کا علاج بڑی کامیابی کے ساتھ کرسکتا ہے۔

اس کے علاوہ ایک اہم بات یہ بھی ہے کہ اس کو اپنا باقی میٹریا میڈیکا یاد کرنے کے لئے راستہ آسانی کے ساتھ تیار ہو جائے گا۔ ساتھ ہی ساتھ دیگر ادویات کی واقفیت کا ذخیرہ اس کے ہاتھ لگ سکے گا۔

ہومیو پیتھی کی پریکٹس کے لئے ضروری ہے کہ گزر چکے بڑے بڑے ہومیوپیتھک ڈاکٹروں کے تجربات دیکھنے کے لئے ان کی بڑی بڑی ضخیم تصانیف جتنی بھی روزانہ پڑھنے کا موقعہ مل سکے' ضرور مطالعہ کرے۔ ہومیوپیتھک لٹریچر کا مطالعہ جتنا بھی ہو سکے کم ہے۔ ہومیوپیتھک میگزین "نزالا جوگی پانی پت" وغیرہ کے مطالعہ سے تجربہ کو بڑھایا جائے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہر خواہش مند کو ایک کامیاب ہومیوپیتھک ڈاکٹر بننے کے لئے یہ ضروری ہے کہ:

-1 اس طریقہ علاج کے ساتھ پیار پیدا کرے اور اپنے دل میں دکھی اور مریض غریب پبلک کی خدمت کا جذبہ پیدا کرے۔

-2 اپنے اندر تجربات' مشاہدات' مطالعات اور کامیابی حاصل کرنے کا چاؤ پیدا کرے۔

-3 ہومیوپیتھک علاج کے اصول اور مشہور ہومیوپیتھک بزرگوں کے قائم شدہ اصول کی پابندی میں رہنے کی کوشش کرے مثلاً آرگنن وغیرہ کا مطالعہ اور پابندی لازمی ہے۔

آرگنن (Organon)

اس کتاب میں شری ہنی مین صاحب نے ہومیوپیتھی کے ان تمام اصولوں کو بڑی ہوشیاری کے ساتھ درج کیا ہے۔ جس پر اس طریقہ علاج کی بنیاد رکھی ہے۔ یہ کتاب ہر ایک ہومیوپیتھ کو اپنے روزمرہ کے مطالعہ (پاٹھ) میں شامل کر لینا ضروری ہے۔

علامات

کسی تندرست آدمی کے جسم میں کسی مرض کے باعث یا کوئی دوائی استعمال کرنے کی وجہ سے جو تغیر و تبدل یا نشان پیدا ہوں۔ ان کو علامات کہا جاتا ہے۔

علامات کی قسمیں:

علامات کی دو قسمیں تسلیم کی جاتی ہیں:

(1) اندرونی' (2) بیرونی۔

-1 **اندرونی علامات:** جو صرف مریض ہی اپنے آپ کو محسوس کر کے بیان کر سکتا ہے مثلاً ذائقہ' گرمی' سردی' درد اور چکر وغیرہ۔

-2 **بیرونی علامات:** جو مریض کو بغیر بلائے معالج خود بخود دیکھ کر معلوم کر سکے مثلاً جگر یا تلی بڑھ جانا' قے' بخار' چہرہ یا جلد کا رنگ ڈھنگ' سستی' ابھار' سوزش' گرم' سرد' نرم' سخت وغیرہ وغیرہ۔

شدت علامات: جب بالکل دوائی دی جاتی ہے تو کچھ عرصہ کے لئے مریض کی علامات تیز معلوم ہوتی ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ دوائی بالکل صحیح منتخب ہوئی ہے اور اس وقت دوائی کی دہرائی بند کر دینی چاہئے کیونکہ اس تھوڑے عرصہ کی تیزی کے بعد کمی واقع ہونی شروع ہو جاتی ہے یعنی قوت حیات دوائی کے تاثرات کی وجہ سے مرض کا مقابلہ کرنے کے لئے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ت جاتی ہے۔

علامات کے تین ضروری حصے

(1) علامات والی جگہ ' (2) درد ' 3 لقہ ' خواب ' خیال وغیرہ کیسے ہیں؟ (3) تکلیف کی

کی پیش کا وقت ' سبب یا حالت (پوزیشن)

نوٹ: نمبر 1 اور نمبر 3 سب سے زیادہ ضروری ہیں۔ بعد میں نمبر 2 کی باری آتی ہے۔ جہاں تک ہو سکے۔ ان حصوں کو مکمل کیا جائے تاکہ ہر ایک کیس زیادہ سے زیادہ اچھی طرح قابو میں آ سکے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ساتواں باب

دماغی اور اعصابی بیماریاں

عصبی درد

عصبی فعل میں گڑبڑ کی وجہ سے ادل بدل کر حصوں میں درد دفعتاً ہوتا اور رفع ہو جاتا ہے۔ کبھی دیر تک اور کبھی تھوڑا عرصہ رہتا ہے۔ درد بجلی کی مانند ہوتا ہے۔

- چوٹ لگنے سے درد' بار بار کروٹیں بدلے' نیلگوں نشان (آرنیکا 30- 200)
- بخار تیز' دوپہر کو زیادتی' چھونا ناگوار' بے خوابی (بیلاڈونا 30- 200)
- پانی میں بھیگنے کی وجہ سے درد' حرکت سے آرام' آرام سے زیادتی (رسٹاکس 30- 200)
- دائیں کولہے میں درد' قبض' نفخ شکم (لائیکو پوڈیم 30- 200)
- شام اور رات کو گرم کمرہ میں زیادتی' کھلی ہوا میں ٹہلنے سے کمی (پلسٹلا 30- 200)
- ہڈی کے اندر درد' پٹھوں کا سکڑنا محسوس ہونا' آرام کرنے سے زیادتی' حرکت سے آرام (روٹا 30- 200)
- بائیں جانب کا درد' بوجہ آتشک سوزاک وغیرہ (سٹیلنجیا 6- 30)
- ایڑی میں تکلیف حمل کے دوران زیادتی' آرام سے آرام (سیپیا 30- 200)
- اگر کسی چیز کی تکلیف کے دب جانے سے درد ہو (سلفر 30- 200)

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

سر درد

بذات خود یہ کوئی مرض نہیں، کسی مرض کا نتیجہ ہوا کرتی ہے۔

- شروع شروع میں جبکہ سخت بے چینی ہو (ایکونائٹ 30)
- سر پھٹ رہا ہو، خون کا اجتماع، کنپٹی کا بجنا، شور و غل ناگوار، حرکت سے زیادتی (بیلا ڈونا 30)
- دائیں طرف کا درد سر، ناک سے خون بہنے سے آرام (بوفو 30-200)
- پاؤں و سر میں سردی محسوس ہو، اوپر چڑھنے سے چکر آئیں، پرانا سر درد (کلکیریا کارب 30-200)
- شرابیوں کا سر درد، گدی سے اٹھ کر آنکھوں کے اوپر تک پھیل جائے۔ نکسیر سے آرام آئے۔ (کاربو ویج 30-200)
- جھٹکے لگنے کا درد، چلنا مشکل ہو جائے (کاسٹیکم 30-200)
- کسی رطوبت کے بکثرت اخراج کی وجہ سے درد سر کی پچھلی جانب، دماغی محنت اور سردی سے زیادتی (چائنا 30-200)
- قبض، کانچ کی شکایت، پیشانی میں چھیدنے کا سا درد، لیٹنے سے افاقہ (اگنیشیا 30-200)
- معدہ کی خرابی سے قے، متلی اور سر درد (اپیکاک 30-200)
- درد سے پیشتر اندھا پن، درد شروع ہوتے ہی نظر کھل جائے۔ (کالی بائیکروم 30-200)
- خاموشی پسند مریض، درد سے پہلے نظر کا بند ہو جانا، پیشاب کھل کر آنے سے آرام (جیلسی میم 30-200)
- بوجہ خرابی ایام سر درد (سنا 30-200)
- سورج نکلتے ہی درد شروع اور سورج غروب ہوتے ہی درد غائب۔ (کالمیا 30-200)
- پڑھنے والی لڑکیوں کا درد سر (نیٹرم میور 30-200)
- عصبی کمزوری سے ہفتہ وار درد، گرم چیزوں سے آرام (سلیشیا 30-200)
- ہفتہ وار سر درد (سینگونیریا 30-200)
- بکثرت چائے نوشی یا شراب سے درد، صبح کھلی ہوا میں زیادتی (نکس وامیکا 30-200)
- ایام میں گڑبڑ، گرم کمرہ یا شام کو زیادتی کھلی ہوا میں آرام (پلسٹلا 30-200)

www.iqbalkalmati.blogspot.com

- سورج نکلتے وقت بائیں جانب درد شروع' دوپہر کو تیز۔ دن ڈھلتے ہی درد ڈھلنا شروع ہو جائے۔ (سپائی جیلیا 30-200)
- دوپہر کو درد شروع ہو۔ (آرجنم میٹ 30-200)

دماغی جھلی کا ورم

- شروع میں جبکہ سخت گھبراہٹ اور بے چینی ہو۔ (ایکونائٹ 30-200)
- چوٹ کے سبب اور پیپ پڑنے کی حالت میں (آرنیکا 30-200)
- بے ہوشی' بدن میں اینٹھن' سرگرم' زبان باہر نکال کر رکھے۔ پاؤں سرد (کیوپرم میٹ 30-200)
- نیند میں چیخے' آنکھیں دھنسی ہوئی' نظر ٹیڑھی مگر آنکھیں ادھ کھلی (اپیس 30-200)
- چہرہ سرخ گرم' پتلیاں پھیلی ہوئی' نظر ٹیڑھی' غنودگی تشنج (بیلاڈونا 30-200)
- تیز سرسامی حالت' آنکھ کی پتلی سکڑی ہوئی' ہاتھ پاؤں میں اینٹھن (سٹرامونیم 30-200)
- سلی یا خنازیری مزاج میں مرض کے شروع سے آخر تک مفید ہے۔ (کالی آیوڈائیڈ 30-200)

دماغ میں پانی اترنا

چوٹ وغیرہ لگنے سے نوزائیدہ بچوں کو دماغ میں پانی اترنے کی شکایت ہوا کرتی ہے۔ سر بڑھ جاتا ہے۔ سب سے پیشتر سلفر 30 کی ایک خوراک دے کر تقریباً ایک ہفتہ بعد کلکیریا کارب 30 دیں۔

سکتہ

خون تقسیم کرنے والی نسوں کا دماغ کے اندر پھٹ کر خون اخراج ہو جاتا ہے۔ جس سے مریض اچانک بے ہوش ہو کر گر جاتا ہے۔

- بے خبری میں پیشاب خارج' چہرہ میں اینٹھن' نظر کمزور' پتلیاں پھیلی ہوئی۔ (بیلاڈونا 30)
- بدن گرم اور خشک' خوف سے دورہ پڑنا' سرگرم (ایکونائٹ 30)

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

- سر چکر کی تمام شکایت خاص کر کے بوڑھوں کو بھاگنے کی خواہش (گلونائن 30-200)
- بائیں جانب فالج، شراب خوری کے بد نتائج، جب ہوش آ جائے تو بکواس کرنے لگے (‏[illegible] 30-200)
- شراب اور زیادہ کھانا کھانے کے بد نتائج (نکس وامیکا 30-200)
- سانس خراٹے دار، آنکھیں کھلی، قبض (اوپیم 30-200)
- فالج، یادداشت کی کمزوری کی وجہ سے تکلیف (الکارزیم 30-200)
- پٹھوں کی پھڑکن بول نہ سکنا (کیوپرم 30-200)

لو لگنا

شدت کی گرمی پہنچنے کی وجہ سے تمام بدن کا سرد ہو جانا۔ اچانک بے ہوشی دل کی دھڑکن بند ہو کر یا سانس کی رکاوٹ سے موت کا خدشہ یا حرارت کا 112 ڈگری تک پہنچنے سے موت ہو جاتی ہے۔

- سر درد، چکر اور غشی، قلب کی دھڑکن تیز تمام چہرہ سرخ (گلونائن 30)
- چہرہ سرخ، نظر کے سامنے چنگاریاں، سر درد میں تیزی (بیلاڈونا 30)
- آنکھیں نصف کھلی اور مکمل غشی، سانس خراٹے دار (اوپیم 30-200)
- جسم اچانک سرد ہو کر دھڑکن بند ہونے کا خیال (کیمفر 6)

پٹھوں کی پھڑکن

اس مرض کا دورہ تقریباً پانچ یا دس سال تک کے بچوں میں ہوتا ہے جو اچانک ڈر جانے یا دل کو کوئی صدمہ پہنچنے سے ہوتا ہے۔

- دورہ کے وقت چیخ مارنا، چہرہ زرد، پتلیاں پھیلی ہوئی (سنا 30-200)
- گلے میں درد، سر کو آگے جھکانا، دلی صدمہ یا خوف (بیلاڈونا 30-200)
- ایک ہی وقت پر بایاں ہاتھ اور دایاں پاؤں یا اس کے برعکس پھڑکنا (ایگریکس 30-200)
- دائیں جانب مفلوج، رات کو پاؤں ٹیڑھا ہو جانا، خارش دب جانے سے دورہ (کاسٹیکم 30-200)
- بائیں جانب متاثر، ایام رک جانا، کبھی سردی کبھی گرمی کا اثر بڑھ جانا (سی می فیوگا 30-

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

200)

- دلی صدمہ یا ڈر، سیدھا لیٹنے سے افاقہ کھانا کھانے کے بعد اضافہ (اگنیشیا 30-200)

تشنج

پٹھوں کا بے اختیار تناؤ، کھنچاؤ وغیرہ ہوتا ہے۔ یہ عموماً چھوٹے بچوں کا مرض ہے۔ چوٹ، سردی یا رحم کی گڑبڑی اس کے اسباب ہیں۔

- شروع مرض میں سخت بے چینی، ڈر یا بخار وغیرہ کی تیزی (ایکونائٹ 30-200)
- نیند میں چیخنا، دائیں طرف کے پٹھوں میں تکلیف، پیشاب خود بخود خطا ہو جائے۔ (زنکم 30-200)
- چہرہ پھولا ہوا، سر گرم، دانت کریچنا، بے خوابی، ہچکی ہچکی ہوئی۔ (بلاڈونا 30-200)
- دانت نکلنے کا زمانہ، مزاج چڑچڑا، ایک گال سرد اور زرد، دوسری گرم اور سرخ (کیمومیلا 30-200)
- بدن کا پچھلی جانب کو کھنچ جانا، سخت دورہ (سٹرامونیم 30-200)
- جلدی تکلیف کا دب جانا (سلفر 30-200)
- تشنج کی حالت میں خشکی اور گوند کی مانند لیس دار قے (کیوپرم 30-200)

فالج

اس تکلیف کا علاج نہایت استقلال سے کیا جائے۔ دوائی کی دہرائی بہت جلدی نہ ہو۔

- اس مرض میں اگر حرام مغز کے اندر خون جمع ہو (ایکونائٹ 6-30)
- دل کی پھڑکن، پشت پر سردی کا اثر، چہرہ اور زبان مفلوج (کاکولس 6-30)
- دماغ میں پانی کی زیادتی یا چوٹ کی وجہ سے ہو (آرنیکا 30-200)
- بائیں جانب مفلوج ہو۔ (لیکیسس 30-200)
- بوجہ بکثرت اخراج منی یا خون (چائنا 30-200)
- جسم کے کسی ایک حصہ کا فالج، نظر کمزور، سر چکر، کسی جلدی مرض کے دب جانے سے (کاسٹیکم 30-200)
- پاخانہ اور پیشاب کی رکاوٹ، بوڑھوں کا مرض (اوپیم 30-200)
- دماغی محنت کرنے والوں یا شرابیوں کا فالج، نظر کمزور، قبض (نکس وامیکا 30-200)

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

- بوجہ بکثرت ملاپ یا بعد از ولادت، پشت میں گرمی اور جلن کا احساس (فاسفورس 30-200)
- بوجہ شراب نوشی، فالج اور پاؤں میں بیقراری رہے (زنکم 30-200)
- بھیگنے سے بدن میں دردیں، حرکت سے آرام محسوس ہو (رسٹاکس 30-200)
- دانت نکلنے کے زمانہ میں بچوں کا فالج (کلکیریا فاس 30-200)
- اگر کسی قسم کا لقمہ نکلنے کی وجہ سے فالج ہو گیا ہو (تھوجا 30-200)

لقوہ

- چوبیس گھنٹے کے اندر اندر حاد تکلیف میں اگر سرد خشک ہو اگر چہرہ کا ایک پہلو لٹک جائے (ایکونائٹ 30)
- خاص کر دائیں جانب کے چہرہ کا لقوہ ہو، جس میں درد بھی ہو (کاسٹیکم 30)
- دماغ میں اجتماع خون کی وجہ سے چہرے کے ایک جانب کا لقوہ (بیلاڈونا 30-200)

کزاز

تمام جسم اکڑ کر کمان (دھنش) کی مانند ہو جاتا ہے۔ بدن آگے کو بھی جھک سکتا ہے اور پیچھے کو بھی۔ یہ مرض نوزائیدہ بچوں کو زیادہ ہوتا ہے، بڑی عمر میں شاذ و نادر ہی ہوا کرتا ہے۔

- پاؤں میں کوئی نوکیلی چیز چبھ جانے کی وجہ سے یا چوٹ وغیرہ سے (اینگس نورا 30)
- جسم برف کی مانند سرد، گردن ایک طرف کو ٹیڑھی، منہ کھلا، تنگی تنفس (کیمفر 6-30)
- آنکھیں باہر کو نکلی ہوئی، چہرہ کا رنگ بینگنی، پاخانہ یا پیشاب بے خبری میں خارج ہو (ہائیو سائمس 30-200)
- نوک دار چیز کیل وغیرہ چبھنے کی وجہ سے (ہائپر کیم 30-200)
- چہرہ سرخ، کچھ نگلتے وقت تکلیف، پاؤں سرد، سر گرم، نظر ترچھی (بیلاڈونا 30-200)

مرگی

یک دم بے ہوشی کا دورہ ہونے سے پیشتر سردی محسوس ہو۔ چیخ مار کر گرتا ہے۔ ٹانگیں پھیل جاتی ہیں، نبض تیز، زبان باہر کو نکل آتی ہے۔ دانت بند ہو جاتے ہیں اور منہ سے جھاگ نکلنے لگتی ہے۔ بعض مریضوں کا پیشاب بھی نکل جاتا ہے۔ پھر آہستہ آہستہ ہوش آنے لگتی ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

(ہسٹیریا میں جھاگ نہیں آتی۔)

- نیند کی حالت میں دورہ پڑنا' کثرت ملاپ یا جلق وغیرہ کے بدنتائج (لیکیسس 30-200)
- نیند میں دورہ دیر تک قائم رہے' دماغی نقص کی وجہ سے (اوپیم 30-200)
- بایاں ہاتھ حرکت میں رہے' سر دائیں جانب کو جھک جائے' خراٹے دار نیند (سٹرامونیم 30-200)
- زمانہ ایام کے دورے (سی سی فیوگا 30-200)
- پورنماشی کے قریب دورہ' چیخ مار کر گرے' انگلیوں کا بے حس ہو جانا۔ (کیوپریم 30-200)
- نچلے بدن میں اینٹھن' جلق کے بدنتائج' رات کو دورہ (بیوفو 30-200)
- سر ٹیڑھا اور گرم' دماغ کمزور' نکسیر آنا' پیشاب نکل جانا' ناک بند' زبان کے کنارے سفید (کاسٹیکم 30-200)
- دماغ میں اجتماع خون' آنکھیں اور تمام چہرہ سرخ' تمتماہٹ (بیلاڈونا 30-200)

پاگل پن

دماغی فعل میں کمزوری اور گڑبڑ ہو جاتی ہے۔

- ہمیشہ بکواس کرتے رہنا' کبھی چلانا' گالی گلوچ کرنا' مارنا' گانا' ہنسنا' ڈرنا' نیک و بد کا خیال نہ رہنا (سٹرامونیم 30-200)
- یادداشت کی کمزوری' کسی پر بھی اعتبار نہ کرنا' دانائی ختم (اناکارڈیم 30-200)
- مزاج چڑچڑا' دماغی محنت' شراب نوشی اور منشیات کے بداثرات' شام کو غنودگی (نکس وامیکا 30-200)
- ملاپ کی صفائی سے دماغ کمزور (ایسڈ فاس 30-200)
- سرسامی کی حالت' روشنی ناگوار' چہرہ سرخ' سر میں خون کا اجتماع' بے خوابی (بیلاڈونا 30-200)
- دماغ کمزور اور سر درد' مزاج وہمی (زنکم 30-200)

سر چکرانا (Vertigo)

- ہر چیز گھومتی نظر آئے' نظر کے سامنے چنگاریاں' پیچھے کو گرنے کا ڈر (بیلاڈونا 30-

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

(200

- کھلی ہوا میں سر چکرانا (اگاریکس 30-200)
- چلتے وقت ہاتھ پاؤں کانپنا' اوپر دیکھنے سے چکر' سر بڑا محسوس ہو (ارجنٹم نائٹ 30-200)
- لیٹنے یا سر گھمانے سے چکر' خاص کر بوڑھوں میں (کونیم 30-200)
- دماغی کمزوری' پیشاب کھل کر آنے سے افاقہ (جیلسی میم 30-200)
- آگے کر سر جھکانے یا اٹھانے سے چکر' قبض (برائی اونیا 30-200)
- اوپر کو دیکھنے سے چکر' پاؤں سرد' سر گرم (سلیشیا 30-200)
- متلی' قے' بدہضمی' کھانے کے دو تین گھنٹے کے بعد تکلیف' منشیات کے بد نتائج (نکس وامیکا 30-200)
- نیچے کو دیکھنے سے چکر (سپائی جیلیا 30-200)
- آنکھ بند کرتے ہی سر چکرانا شروع (تھریڈین 30-200)
- یادداشت کمزور' سر بائیں طرف کو گھومتا محسوس ہو' نظر دھندلی (اناکارڈیم 30-200)

www.iqbalkalmati.blogspot.com

آٹھواں باب

آنکھوں کی بیماریاں

آنکھ دکھنا

- سوزش کی زیادتی' سرخی' درد بکثرت (ایکونائٹ 30)
- روشنی برداشت نہ ہو' سرخی' درد' جوش' آنکھ خشک' حرکت سے زیادتی (بیلاڈونا 30-200)
- تیزابی پانی کی زیادتی' جلن لگے چھیلتا جائے' رو پڑنا' ناک سے بھی پانی نکلے (یوفریشیا 30-200)

نوٹ: اس کا لوشن بیرونی طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

- زرد میل (آگیدا)' سوزاکی مادہ کا اخراج رک جانا' شام کو زیادتی' کھلی ہوا میں افاقہ (پلسٹلا 30-200)
- چھوٹا ناگوار' پھوڑے پھولنا' سینکنے سے آرام' سردی سے اضافہ' چاپ پڑنا' آتشی مزاج (ہیپر سلفر 30-200)
- مزاج خنازیری' چاپ' کونے میں شگاف' لیس دار اخراج' روشنی برداشت نہ ہو (گریفائٹس 30-200)
- خراش دار رقیق رطوبت' لرزدار درد' رات کو زیادتی' اندر سوزاکی زخم (مرکیورس 30-200)
- برسات میں تکلیف ہو' چیپ بکثرت' پپوٹے پانی سے بھرے ہوئے' تیزابی پانی (رسٹاکس 30-200)

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

رات کو آنکھیں گید سے جڑ جانا

- خنازیری مزاج، پھولا پڑ جانا، گلے کے غدود پھول جانا، رات کو آنکھیں گید سے جڑ جانا (کلکیریا کارب 30-200)
- تازہ سوزش، بے چینی، سرد خشک ہوا لگنے سے آشوب چشم (ایکونائٹ 30-200)
- خنازیری مزاج، رات کو زیادتی، کوئی بھی دوائی فائدہ کرنے سے رہ جائے (سلفر 30-200)

ورم پپوٹا

پپوٹوں میں سرخی اور زخم، سینک دینے سے زیادتی، پانی بہنا (مرک سال 30-200)

- کونے پر شگاف، رس دار زخم، بل پڑنا (گریفائیٹس 30-200)
- بدبودار اخراج، دیرینہ مرض، مزاج خنازیری (سوزینم 30-200)
- کنارے پھولے ہوئے سرخ، چمک دار (البنڈ فاس 30-200)
- کنارے موٹے اور خشک (سٹافی سیگیریا 30-200)
- کنارے موٹے، اندر ریت رڑکنے کا احساس، دانے نکلنا، رات کو تکلیف (سلفر 30-200)
- پڑوال (بوریکس 30-200)

گکرے (روہے)

- روزانہ دو خوراک (صبح و شام) (ارجنٹم نائٹ 30)
- ہر دو ہفتہ وار ایک خوراک (ارجنٹم نائٹ 30)
- ڈسٹلڈ واٹر میں لوشن بنا کر روزانہ تین چار بار ڈالنا چاہئے۔ (ایپکاک مدر ٹنکچر Q)

گوہانجنی

- سخت گومڑی کی طرح گوہانجنی (سٹافی سیگیریا 30)
- جلدی پکانے اور خارج کرنے کے لئے (مرکیورس 30)
- پکنے کے قریب ہو تو فوراً پیپ پیدا کر کے پھاڑنے کے لئے (ہیپر سلفر 30)
- بالائی پپوٹوں پر ہوں تو سلفر 30 یا مرکیورس 30 یا کاسٹیکم 30
- نچلے پپوٹوں پر ہوں تو رسٹاکس 30 یا سٹافی سیگیریا 30

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نوٹ: بیرونی طور پر گرم روئی سے سینک دینا بھی مفید ہے۔

رتوندھی

- سورج چھپنے کے بعد رات کو نظر بند ہو جائے تو (فائی سوسٹگما' بیلا ڈونا' بیلی بورس یا لائیکو پوڈیم 30-200)

دنوندھی

- دن کے وقت سورج کی روشنی میں نظر کمزور پڑ جائے۔ (باتھروپس یا بوتھا 30-200)

نصف نظری

- صرف بایاں آدھا حصہ ہی نظر آئے۔ (نیٹرم میور' بوتھا' کلکیریا' لیتھیم کارب 30)
- صرف دایاں آدھا حصہ ہی نظر آئے (لائیکو پوڈیم' سائیکلے مِن 30)
- صرف اوپر کا آدھا حصہ ہی نظر آئے (الینڈ میور ٹیک 30 یا اورم میٹ 30-200)
- صرف نیچے کا آدھا حصہ ہی نظر آئے۔ (الینڈ میور ٹیک 30 یا اورم میٹ 30-200)

موتیا بند

- بڑی عمر کے بوڑھوں کا موتیا بند (کونیم)
- دائیں طرف کا موتیا بند (امونیم کارب)
- بچوں کے موتیا بند کی شکایت (سلفر یا یوفریشیا)

سب سے بہتر اور تیز اثر دوائی جو موتیا بند کو کم کرنے اور روکنے میں مفید ہے۔ سن رسیدہ اشخاص کو کم سلف C-M کی صرف ایک خوراک دے کر نتیجہ کا انتظار کرنا چاہئے۔
کلکیریا فلور 1000 یا کلکیریا فاس 1000 بھی مفید ہیں۔
فاسفورس 30-200 یا اینٹی فن تھلیں 30-200 بھی مفید ہیں۔

خرابی نظر

- باریک بینی کا کام زیادہ کام سے آنکھوں کا تھک جانا' آگ کی طرح گرم رہیں' نظر کمزور، گرمی سے آرام' سردی سے تکلیف میں اضافہ اور سر درد (روٹا 30-200)

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

- ایک چیز کی دو چیزیں نظر آئیں' پٹھوں اور پپوٹوں کا فالج' نظر اچانک کم ہو جائے۔ (جیلسی میم 30-200)
- منشیات یعنی تمباکو وغیرہ کے بد نتائج (نکس وامیکا 30-200)
- نظر کے سامنے دھند سی معلوم دے' کالے کالے نقطے نظر آئیں اور روشنی سے ڈر لگے۔ (فلکیریا کارب 30-200)
- پتلی پھیلی ہوئی' روشنی برداشت نہ ہو' پڑھتے وقت حروف کانپ رہے ہوں' لیمپ کی بتی کے گرد سرخ رنگ کا گھیرا۔ (بیلا ڈونا 30-200)
- روشنی برداشت نہ ہو' پپوٹے پھڑکیں۔ (مرکیورس 30-200)
- ڈھیلے میں ٹیس پڑے' چیز ڈبل نظر آئے' نظر کے سامنے کالے نشان (سی سی فیوگا 30-200)
- پڑھتے وقت پانی بھر آئے' عورتوں کی بینائی بوجہ کثرت ملاپ کمزوری (اگنیشیا 30-200)
- سورج کی روشنی میں یک دم دھندلا پن' چکنا مشکل چنگاریاں نظر آئیں' بکثرت ملاپ کمزوری نظر (فاسفورس 30-200)
- شام کو اندھا پن' چیز کا دایاں نصف حصہ نظر آئے' نظر دھندلی (لائیکو پوڈیم 30-200)
- نزدیک دھانچہ سا نظر آئے' کالے چمکیلے نقطے' حروف کے گرد سفید گھیرا' حروف بے رنگ نظر آئیں۔ (چاینا 30-200)
- پڑھتے وقت حروف جڑ جائیں۔ خیالی چیزیں اور جگمگاہٹ نظر آئے (جیلی ڈونیم 30-200)
- سورج کی روشنی برداشت نہ ہو' جالا سا نظر آئے' آنکھوں میں لہر اٹھے (سلفر 30-200)
- نزدیک کی نظر کے لئے (فاسفورس' لائیکو پوڈیم' سلفر)
- دور کی نظر کے لئے (نیٹرم میور' سیپیا' ہائیو سائیمس' نکس وامیکا)
- بڑھاپے میں کمزور نظر کے لئے فاسفورس مفید ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نواں باب

کان کی بیماریاں

کان درد اور بہنا

- درد اچانک ہی ہو کر فوراً بند ہو جائے۔ آوازیں آئیں، سر میں خون کا جوش، غدود پھولنا (بیلاڈونا 30-200)
- کان کی ہڈی میں زخم، درد، مواد سخت بدبودار، رات کو زیادتی (آرم میٹ 30-200)
- درد ٹھہر ٹھہر کر ہو (جیلسیمیم 30-200)
- سردی لگ کر اندر ورم ہونا، خراش دار پتلی رطوبت بہنا، تیز بخار کم سنائی دے (ایکونائٹ 30-200)
- پیپ گاڑھی بدبودار، پارہ کے بد نتائج (ہیپر سلفر 30-200)
- کنپٹی کا پھولنا، سینک دینے سے زیادتی، ٹیس پڑے، بدبودار سبزی مائل زرد اخراج (مرکیورس 30-200)
- اندر سے شہد کی سی گاڑھی رطوبت، باہر ایگزیما (گریفائٹس 30-200)
- لیس دار بدبودار پیپ کا اخراج (کالی بائیکروم 30-200)
- کان میں کھجلاہٹ، کنپٹی کا پھولنا، اندر سے کان کا پک جانا (بیرٹا کارب 30-200)
- اندر زخم، خون آمیز بدبودار پیپ کا اخراج، پھٹنے کی درد (کاسٹیکم 30-200)
- بدبودار جسم والے بچوں کا بدبودار اخراج، مزاج چڑچڑا (سورینم 30-200)
- مزاج چڑچڑا، درد سے پاگل ہو رہا ہو، بچہ گود پسند کرے (کیموملا 30-200)
- اخراج بدبودار پانی کا سا مگر تیز تیزابی جو چھالے پیدا کر دے۔ ساتھ بہرا پن (ٹیلوریم 30-200)
- بیرونی استعمال کے لئے سب سے مفید ہے (پلانٹیگو Q مدر ٹنکچر)

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کن پیڑے

- شروع میں تیز بخار' گھبراہٹ' ماؤف جگہ سرخ اور پیاس کی زیادتی (ایکونائٹ 30)
- سردی سے پیدا شدہ غدود متورم' نگلنے میں تکلیف منہ سے بدبودار رال بہے' سانس بدبودار (مرکیورس 30-200)
- جگہ سرخ چمکیلی' درد' چہرہ سرخ' دائیں کنپٹی میں زیادہ تکلیف' سوجن ہونے (بیلاڈونا 30-200)
- بائیں جانب گلٹی ارغوانی رنگ کی' رات کو بے چینی بدن میں دردیں (رسٹاکس 30-200)
- کنپٹی کی گلٹی میں پیپ پڑ جانا' بہت جلدی خشک کرنے کے لئے (سلیشیا 30-200)
- بعض دفعہ کان سے ہٹ کر مرض فوطہ میں پیدا ہو جاتی ہے۔ (ہائیوسائمس 30-200)
- اگر لڑکوں کے کن پیڑے دب کر فوطے متورم ہو جائیں یا لڑکیوں کے کن پیڑے دب کر پستان پھول جائیں یعنی مرض اپنی جگہ بدل لے۔ (پلسٹلا 30-200)
- بعض دفعہ خراب کیسوں میں لیکیسس' آرسنک یا چائنا بھی اونچی پوٹینسی میں مفید ثابت ہوتے ہیں۔

نوٹ: سخت ضرورت پڑنے پر بیرونی طور پر کپڑے کا سینک دینا نرم گرم پلٹس باندھنا بھی مفید ہوتا ہے اور کھانے کے لئے گندم کا بھنا ہوا پتلا سا دلیہ یا ساگودانہ اور دودھ مفید ہے۔

آوازیں آنا (کان بجنا)

- کونین کے زیادہ استعمال سے پیدا شدہ کان میں آوازیں آئیں۔ (کاربوویج 30-200)
- خسرہ کے بعد آوازیں پیدا ہونے لگیں۔ (پلسٹلا 30-200)
- اگر چیچک کے بعد کان میں بہت قسم کی آوازیں آنے لگیں (مرکیورس 30-200)
- برسات میں یا بھیگنے سے تکلیف ہونا' آرام سے زیادتی (رسٹاکس 30-200)
- سردی لگنے سے جھنجھناہٹ سی ہو' صبح کے وقت زیادتی (نکس وامیکا 30-200)
- کبھی گھنٹیاں بجنے لگیں' کبھی ہس ہس کی سی آوازیں آئیں۔ (چائنا 30-200)
- چکی چلنے کی سی آوازیں آئیں۔ (ارجنٹم نائٹ 30-200)
- ڈھول بجنے کی سی آوازیں آنا۔ (کاسٹیکم 30-200)
- کوئی جلدی تکلیف دب جانے سے آوازیں آنے لگیں۔ (سلفر 30-200)

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بہرہ پن

- اندر میل جمنے سے بہرہ پن (اکونیم 30-200)
- کسی وقت زور کی آواز سے کان کھل جانا اور کم سنائی دینا۔ (سیلیشیا 30-200)
- کسی وقت تھوڑی دیر کے لئے کان بند ہو جائے (ایلیمی میم 30-200)
- کونین کے بیجا استعمال کے بعد بہرہ پن' پھڑپھڑاہٹ کی آوازیں' پاخانہ نیلا' مزاج خنازیری (کلکیریا کارب 30-200)
- سخت آواز یا چوٹ کی وجہ سے بہرہ پن (آرنیکا 3-6)
- دیرینہ کے لئے (آرنیکا 200)
- کونین کے زیادہ استعمال سے پیدا شدہ بہرہ پن' مرض مزمن (المذ کلی سلک 6-200)
- جلدی مرض کے دب جانے سے بہرہ پن (سلفر 30-200)
- کان بجنا' سر چکرانا' آوازیں آنا (منیم سلف 30-200)
- بہرہ پن میں بیرونی استعمال کے لئے (مولین آئل)

نوٹ: مولین آئل ایک یا دو قطرے کان میں ڈالتے رہیں۔ درد کان' بہرہ پن اور کان بہنے کے لئے مفید ہے۔ دیسی طریقہ علاج میں "روغن سامعت کشا" ایک دو قطرے نیم گرم کان میں ڈالنا بہرہ پن کا موثر علاج ہے۔

ڈاکٹر ہری چند ملتانی

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دسواں باب

منہ' دانت' حلق اور ناک کی بیماریاں

منہ

- بدبودار رال بہنا۔ (آیوڈم 30)
- منہ کے اندر سوزش' جلن' چھالے پھوٹ کر ٹیکلوں ہو جائیں۔ (آرسنک 30)
- منہ اندر سے چھلا ہوا بہت سرخ' بعد دوپہر زیادتی (بیلاڈونا 30)
- غذائی نالی میں چھالے صرف پتلی چیز نگل سکے۔ زبان پر زخم اور ٹیکلوں چھالے (بپٹیشیا 30)
- زبان متورم' رال بکثرت بہنا' مسوڑھوں سے خون آئے مسوڑھے اسفنج کی طرح ہو جائیں' سانس بدبودار' رات کو زیادتی (مرکیورس 30)
- آتشکی خرابی سے' پارہ کے زیادہ استعمال کے بدنتائج۔ اندر سے منہ پھول جائے' دانتوں سے خون آئے' زبان کے کناروں پر چھالے' تھوک کے ساتھ خون' بدبودار اخراج (ایسڈ نائیٹرک 30)
- بچوں اور بوڑھوں کا منہ پکنا' کچھ کھانے سے تکلیف' ننخ بڑھنے' اندر سے منہ گرم' زخموں سے خون نکلے' منہ خشک بچہ دودھ نہیں پی سکتا۔ (بوریکس 30)
- چھالے جلن دار' زبان پر سفید میل' سبز دست (سلفر 30)
- مسوڑھے سوجنا' زبان متورم' سرخ چھالے درد دانت (ارجنٹم نائٹ 30)
- اگر ساتھ بخار ہو اور منہ میں سفید چھالے' زبان بھی سفید ہو (کالی میور 6x)
- بغیر بخار کے' منہ سے زیادہ پانی بہنا۔ (نیٹرم میور 6x)

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

- ذائقہ کھٹا' کھٹی قے' مسوڑھوں سے خون نکلنا' رال بہنا' بدن کا رنگ زرد (ایسڈ سلفیورک 30)
- پارہ کے بے جا استعمال کے طور پر منہ پکنا (ہیپر سلفر 30-200)
- زبان کا اگلا حصہ سڑا ہوا اور زخم (لیکے سس 30-200)
- مسوڑھوں کا پھولنا (سلیشیا 30-200)
- دانت نکلنے کے زمانہ میں منہ آنا' کھٹی بو آئے دست آنا۔ (فکیریا کارب 30-200)
- زبان کا سرا سرخ' کناروں پر زخم' سفید جھاگ آئے' پارہ کے بدنتائج (فائی ٹولاکا 30-200)

خارجی طور پر ہائیڈروسٹس Q کے لوشن کے غرارے کرنا اور بورک ایسڈ گلیسرین لگانا مفید ہے۔ زبان گرمی خشکی کی وجہ سے پھٹ جائے (بلاڈونا 30-200)

- زبان کتے کی مانند باہر نکلی ہوئی اور متورم' زبان پر گاڑھا زرد میل' جھلی متورم' رال بہے' ذائقہ میٹھا (مرک سال 30-200)
- زبان پر کینسر کی وجہ سے سوئیاں سی چبھیں' خاص کر نوک پر جلن ہو۔ (ایلومن 30-200)
- بوجہ کینسر زبان پر سخت گانٹھیں سی محسوس ہوں۔ (آرم میٹ 30-200)
- زبان پر چھالے بار بار ہونے والے زخم یا ورم (ایسڈ میورٹیک 30-200)
- اگر زبان کے نچلے حصے میں زخم ہو جائیں۔ (لائیکو پوڈیم 30-200)
- زبان مفلوج' سخت ہو باہر نکالنی مشکل ہو۔ (ڈلکامارا 30-200)
- زبان متورم' حرکت نہ کر سکے' بولنا مشکل (جیلسی میم 6)
- زبان کے ہر طرح کے فالج کی حالت (کاسٹیکم 30-200)
- موٹی سفید میل کی تہہ جمی ہوئی' زبان متورم' تالو کا رنگ سفید (ایسڈ ایگزیلک 30)
- بچوں کی زبان پر سفید گاڑھی میل جمی ہوئی (اینٹم کروڈ 30-200)
- زبان درمیان سے پکی ہوئی محسوس ہو۔ (اپیشیا 30-200)
- زبان چھلی ہوئی' جڑ میں درد ہو' تالو سے خون نکلے۔ (آرم ٹریفائلم 30-200)
- روٹی کا ذائقہ میٹھا (مرکیورس 30-200)
- ہر چیز کا ذائقہ نمکین سا معلوم ہو (نکس وامیکا 30-200)
- ہر چیز کا ذائقہ کڑوا معلوم ہو۔ (نیٹرم میور' چائنا 30-200)

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

- کوئی بھی ذائقہ معلوم نہ ہو۔ (اینٹم ٹارٹ' بوریکس 30-200)
- صابن سا ذائقہ معلوم دے۔ (بوریکس 30-200)
- سڑے ہوئے انڈے کا سا ذائقہ (مرکیورس 30-200)
- خون کا سا یا سرکہ کا ذائقہ معلوم دے۔ (سلفر 30-200)
- کھٹا اور بدبودار ذائقہ (کلکیریا کارب 30-200)
- مٹی کی طرح ذائقہ ہو۔ (ارجنٹم نائٹ 30-200)
- بدہضمی کا ذائقہ' ترش ڈکار (اگنیس ٹائیگر 30-200)

دانت

- دانت نکلنے کے زمانہ میں بچہ نہایت ہی چڑچڑا ہو جائے' لیٹنے کی بجائے گود پسند کرے۔ (کیموملا 30-200)
- سر زیادہ گرم' پاؤں سرد' نیند میں چونکے' غنودگی طاری رہے' جسم موٹا تازہ اچھا' سخت تو تنج (بیلاڈونا 30-200)
- جسم موٹا' نیند میں پسینہ' مٹی کھانے کی عادت پڑ گئی ہو۔ (کلکیریا ر 30-200)
- بچہ کو دانت نکلنے کے زمانہ میں مضبوطی کے لئے ٹانک ہے۔ (کلکیریا فاس 6x)
- دانت نکلنے کے زمانہ میں تشنجی علامات میں مفید ہے۔ (میگ فاس 6x)
- بچہ کا جسم متوسط' سر پر پسینہ' پیٹ بڑھا ہوا' نرم پاخانہ بھی زور لگا کر خارج کرنا پڑے۔ پاخانہ پھر اندر کو واپس چلا جائے۔ ماں کا دودھ ہضم کرنے کی بجائے قے کر دے۔ (سلیشیا 6x)
- سبز دست جھاگ دار اور قے بھی ہو۔ (ایتھوزا 30-200)
- جہاں کیموملا فیل ہو جاتا ہے۔ بچہ رات کو سو نہ سکے۔ (کافیا 30-200)
- منہ سے رال بہے' لیس دار سبز پاخانہ (مرکیورس 30-200)
- دانت جلدی گلنے سڑنے لگ جائیں۔ (کریازوٹ 30-200)
- گلے سڑے دانتوں میں درد' سرد پانی سے اضافہ' رنگ سیاہی مائل (سٹافی سیگریا 30-200)
- کوئی گرم چیز منہ میں ڈالنے سے درد میں اضافہ (کیموملا 30-200)
- منہ میں سرد پانی رکھنے سے آرام محسوس ہو۔ (کافیا 30-200)

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

